

الطبعة الثانية بعد المراجعة

علم الصرف

اولین

مؤلف

حضرت مولانا مشتاق احمد چرتھاولیؒ

البشریٰ

ویلفیئر اینڈ ایجوکیشنل ٹرسٹ رجسٹرڈ

الطبعة الثانية بعد المراجعة

علم الصرف

اوّلین

مؤلف

حضرت مولانا مشتاق احمد چرتھاولی رحمۃ اللہ علیہ

البشریٰ
ویلفیئر اینڈ ایجوکیشنل ٹرسٹ رجسٹرڈ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حضرات اہل علم، عزیز طلبہ اور معزز قارئین کی خدمت میں گذارش:

الحمدللہ! اس کتاب کی تصحیح کی حتی الوسع کوشش کی گئی ہے۔ اس کے باوجود اگر کوئی غلطی نظر آئے یا کوئی مفید تجویز ہو تو براہ کرم تحریر کر کے ہمیں ضرور ارسال فرمائیں تا کہ آئندہ اشاعت بہتر اور غلطی سے پاک ہو سکے۔

جزاکم اللہ تعالیٰ خیراً

البشریٰ ویلفیئر اینڈ ایجوکیشنل ٹرسٹ (رجسٹرڈ)

برائے خط و کتابت: **9/2** سیکٹر **17**، کورنگی انڈسٹریل ایریا بالمقابل محمدیہ مسجد، بلال کالونی کراچی۔

کتاب کا نام : علم الصرف (اولین)
مؤلف : حضرت مولانا مشتاق احمد چرتھاولی رحمۃ اللہ علیہ
رجسٹریشن نمبر : **RO-341-2020** (محکمۂ اوقاف سندھ، پاکستان)
قیمت برائے قارئین: فہرست کتب ملاحظہ فرمائیں۔
سن اشاعت : ۱۴۴۲ھ/۲۰۲۱ء
ناشر : البشریٰ ویلفیئر اینڈ ایجوکیشنل ٹرسٹ (رجسٹرڈ)
9/2 سیکٹر **17**، کورنگی انڈسٹریل ایریا بالمقابل محمدیہ مسجد، بلال کالونی کراچی۔
فون نمبر : (+92) 21-35121955-7
ویب سائٹ : www.maktaba-tul-bushra.com.pk
ای میل : info@maktaba-tul-bushra.com.pk
ملنے کا پتہ : البشریٰ ویلفیئر اینڈ ایجوکیشنل ٹرسٹ (رجسٹرڈ)، کراچی۔ پاکستان
موبائل نمبر : 0321-2196170, 0334-2212230, 0302-2534504,
0314-2676577, 0346-2190910

اس کے علاوہ تمام مشہور کتب خانوں میں بھی دستیاب ہے۔

فہرست

عنوانات	صفحہ نمبر
عرضِ ناشر	۴
علم الصرف حصہ اوّل	
علم صرف کی تعریف	۵
اصطلاحات	۵
بحث افعال	
افعال اور ان کے صیغے اور گردانیں	۸
فصل (۱) فعلِ ماضی کی گردان	۸
ماضی مجہول بنانے کا قاعدہ	۱۰
سوالات	۱۱
فصل (۲) فعلِ مضارع کا بیان	۱۲
فعلِ مضارع کی گردان	۱۲
مضارع مجہول بنانے کا قاعدہ	۱۴
سوالات	۱۵
فصل (۳) نفی تاکید بہ لَنْ ونفی جحد بہ لَمْ کی گردان	۱۶
سوالات	۱۹
فصل (۴) لامِ تاکید بانونِ تاکید کی گردان	۲۰
سوالات	۲۳
فصل (۵) امر کی گردان	۲۵
امر حاضر معروف بنانے کا خاص قاعدہ	۲۷
سوالات	۲۹
فصل (۶) نہی کی گردان	۳۰
سوالات	۳۲

عنوانات	صفحہ نمبر
بحث اسما	
فصل (۷) اسمِ فاعل	۳۴
سوالات	۳۵
فصل (۸) اسمِ مفعول	۳۶
سوالات	۳۷
فصل (۹) اسمِ تفضیل	۳۸
سوالات	۳۹
فصل (۱۰) اسمِ ظرف	۴۰
سوالات	۴۱
فصل (۱۱) اسمِ آلہ	۴۲
سوالات	۴۳
علم الصرف حصہ دوم	
فعل کے اقسام	۴۴
ابوابِ ثلاثی	
ثلاثی مجرد	۴۴
ثلاثی مزید فیہ	۴۷
ابواب رباعی	
رباعی مجرد	۵۱
رباعی مزید فیہ	۵۱
ملحق بہ رباعی	
ملحق بہ رباعی کے اقسام	۵۳
* * *	

عرضِ ناشر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کسی بھی زبان کے صحیح طور پر سیکھنے اور برتنے کے دو طریقے ہیں:

۱۔ اہلِ زبان واہلِ محاورہ لوگوں کی صحبت، جیسے صحابہ اور تابعین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے زمانے میں عربی زبان عرب کے بدو لوگوں کی صحبت میں رہ کر سیکھی جاتی تھی۔ امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے دس سال قبیلۂ ہذیل میں رہ کر عربی زبان سیکھی ہے۔ لیکن آہستہ آہستہ عربوں اور عجمیوں کے اختلاط کی وجہ سے خالص عربی زبان میں عجمیت کے اثرات در آئے اور یہ طریقہ بہت زیادہ کارگر نہ رہا، اور آج ہر شخص کو، خواہ وہ عجمی ہو یا عربی، قواعد کی مدد لینا ضروری ہے۔

۲۔ قواعد کی مدد سے زبان کو سیکھنا، متاخرینِ عرب وعجم میں یہی طریقہ رائج ہے۔ عربی زبان کے قواعد کو علمائے عربیت نے مدوّن کر کے کئی فنون کی تدوین کی جو عربی زبان کی مہارت کے لیے ضروری ہیں، جن میں علم الصرف اور علم النحو کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ علم الصرف عربی کلمہ (مفردات) کی ہیئت اور وزن سے بحث کرتا ہے، اس لیے یہ علم النحو کے مبادی میں سے ہے۔ عموماً ہمارے دیار میں اسے تدریس میں اوّلیت دی جاتی ہے اور طالب علم کو اس میں خوب محنت کرنا ہوتی ہے۔ اس کی اہمیت کی وجہ سے یہاں تک کہا گیا ہے: اَلصَّرْفُ أُمُّ الْعُلُوْمِ کہ علم صَرف تمام علوم کے لیے بمنزلہ ماں کے ہے۔

مبتدی طلبہ کے لیے اردو زبان میں ایک مفید رسالہ حضرت مولانا مشتاق احمد چرتھاوَلی رحمۃ اللہ علیہ نے "علم الصرف" کے نام سے تالیف کیا، جسے ہمارے دیار کے اکثر مدارس میں داخلِ درس ہونے کا شرف حاصل ہے۔

الحمد للہ! ادارہ البشریٰ سے یہ کتاب شائع ہو کر طالبانِ علومِ نبوت تک پہنچ چکی ہے، اور اب مزید خوبیوں کے ساتھ شائع کی جا رہی ہے۔ جن میں سے بعض یہ ہیں:

۱۔ عربی خط (فونٹ) پہلے سے بہتر استعمال کیا گیا ہے جو زیادہ واضح اور خوب صورت ہے۔

۲۔ صیغوں کے نام، عنوانات، ابحاث، قواعد اور فوائد کو سرخ رنگ سے واضح کیا گیا ہے تاکہ طلبہ ان صیغوں کو بہ آسانی ذہن نشین کر سکیں۔

۳۔ ہیڈر اور فہرست کا بھی اضافہ کیا گیا ہے تاکہ سبق تلاش کرنے میں دشواری نہ ہو۔

۴۔ تصحیح کا اہتمام کیا گیا ہے، مؤلف رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت میں کوئی تغیر وتبدل کیے بغیر متداول نسخوں میں جو اعراب کی غلطیاں تھیں اصل مصادر سے مراجعت کے بعد ان تمام اغلاط کی تصحیح کر دی گئی ہے، البتہ جہاں لفظی غلطیاں تھیں اور ترمیم ناگزیر تھی وہاں صحیح لفظ کو [] میں درج کر دیا گیا ہے تاکہ التباس نہ ہو۔

ہم اس خدمتِ جلیلہ کے پایۂ تکمیل تک پہنچنے پر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں شکر بجا لاتے ہیں، اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ حضرت مؤلف رحمۃ اللہ علیہ کی مغفرت فرمائیں اور ان کے درجات بلند فرمائیں، نیز اس طبع کو طلبۂ کرام کی خدمت میں اس عاجزانہ درخواست کے ساتھ پیش کرتے ہیں کہ جن علمائے کرام نے اس کتاب کی تیاری میں اپنی صلاحیتیں صَرف کی ہیں ان کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں اور ادارے کی اپنے نیک مقاصد میں کامیابی کے لیے دعا گو رہیں۔

آمین بجاہ سید المرسلین
البشریٰ ویلفیئر اینڈ ایجوکیشنل
یکم رمضان المبارک ۱۴۴۱ھ

بِاسْمِهٖ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰی
حَامِدًا وَّمُصَلِّيًا وَّمُسَلِّمًا

علم صرف کی تعریف

علم صرف: وہ علم ہے جس سے صیغوں کی پہچان حاصل ہوتی ہے، اور لفظوں کو گردانے کا طریقہ اور ایک صیغہ سے دوسرا صیغہ بنانے کا قاعدہ معلوم ہوتا ہے۔

فائدہ: اِس علم کا فائدہ یہ ہے کہ الفاظ کو صحیح طور پر پڑھنا آجاتا ہے۔

اصطلاحات

ضمہ: پیش کو کہتے ہیں۔

فتحہ: زبر کو، اور **کسرہ:** زیر کو کہتے ہیں۔

تنوین: دو زبر، دو زیر، دو پیش کو کہتے ہیں۔

حرکت: زبر، زیر، پیش کا نام ہے۔

سکون اور جزم: حرکت نہ ہونے کو کہتے ہیں۔

تشدید: ایک حرف کو دوبار ایک سکون اور حرکت کے ساتھ پڑھنا، جیسے: عَضَّ.

مضموم: وہ حرف ہے جس پر پیش ہو۔

مفتوح: وہ حرف ہے جس پر زبر ہو۔

مکسور: زیر والے حرف کو کہتے ہیں۔

متحرک: حرکت والا حرف۔

ساکن: وہ حرف ہے جس پر حرکت نہ ہو۔

مشدَّد: وہ حرف ہے جس پر تشدید ہو۔

حرفِ علّت تین ہیں: واو، الف، یا، کہ مجموعہ اِن کا واي ہے۔

صیغہ: لفظ کو، **اسم:** نام کو، **فعل:** کام کو کہتے ہیں۔

زمانہ: وقت کا نام ہے اور وقت تین ہیں:

ماضی: (گزرا ہوا)، **حال:** (موجودہ)، **مستقبل:** (آنے والا)۔

فعل ماضی: اُس فعل کو کہتے ہیں جو گزرا ہوا زمانہ بتائے، جیسے: ضَرَبَ (اُس ایک مرد نے مارا گزرے ہوئے زمانے میں)۔ ماضی کا آخر ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے۔

فعل مضارع: اُس فعل کو کہتے ہیں جو زمانہ موجودہ یا آئندہ بتائے، جیسے: یَضْرِبُ (مارتا ہے، یا مارے گا وہ ایک مرد، زمانہ موجودہ یا آئندہ میں)۔ مضارع کا آخر مضموم ہوتا ہے۔

امر: اُس فعل کو کہتے ہیں جس میں کسی کام کا حکم دیا جائے، جیسے: اِضْرِبْ (تو مار)۔

نہی: اُس فعل کو کہتے ہیں جس میں کسی کام سے روکا جائے، جیسے: لَا تَضْرِبْ (تو مت مار)۔

اثبات، مثبت: فعل کے ہونے کو کہتے ہیں، جیسے: ضَرَبَ (اُس نے مارا) یَضْرِبُ (وہ مارتا ہے)۔

نفی، منفی: فعل کے نہ ہونے کو کہتے ہیں، جیسے: مَا ضَرَبَ (اُس نے نہیں مارا)، لَا یَضْرِبُ (وہ نہیں مارتا ہے)۔

فاعل: کام کرنے والے کو کہتے ہیں۔

مفعول: جس پر کام کیا جائے، جیسے: ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرًوا (مارا زید نے عمرو کو) اس میں ضَرَبَ فعل ہے، زَیْدٌ فاعل ہے، عَمْرًوا مفعول ہے۔

فعل معروف: وہ فعل ہے جس کا کرنے والا معلوم ہو، جیسے: ضَرَبَ زَیْدٌ (زید نے مارا) اس میں مارنے والا معلوم ہے اور وہ زید ہے۔

فعل مجہول: وہ فعل ہے جس کا کرنے والا معلوم نہ ہو، جیسے: ضُرِبَ عَمْرٌو (عمرو مارا گیا) اس میں یہ معلوم نہیں کہ مارنے والا کون ہے۔

فعل لازم: وہ فعل ہے جو فقط فاعل پر پورا ہو جائے، جیسے: جَلَسَ زَیْدٌ (زید بیٹھا) ذَھَبَ عَمْرٌو (عمرو گیا)۔

فعل متعدی: وہ فعل ہے جو فاعل و مفعول دونوں پر پورا ہو، جیسے: ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرًوا (مارا زید نے عمرو کو)۔

غائب: وہ ہے جو بات کرتے وقت موجود نہ ہو، جس سے بات نہ کی جائے۔

حاضر: وہ ہے جس سے بات کی جائے۔

متکلم: بات کرنے والے کو کہتے ہیں۔

واحد: ایک کو، **تثنیہ:** دو کو، **جمع:** دو سے زائد کو کہتے ہیں۔

حرفِ اصلی: اُس کو کہتے ہیں جو وزن کرنے میں ف یا ع یا ل کی جگہ ہو۔ پس جو حرف ف کی جگہ ہو اُس کو ”فا کلمہ“، اور جو ع کی جگہ ہو اُس کو ”عین کلمہ“، اور جو ل کی جگہ ہو اُس کو ”لام کلمہ“ کہتے ہیں، جیسے: نَصَرَ، فَعَلَ کے وزن پر ہے، اس میں ن فا کلمہ، اور ص عین کلمہ، اور ر لام کلمہ ہے۔

حرفِ زائد: اُس کو کہتے ہیں جو ف، ع، ل میں سے کسی کی جگہ پر نہ ہو، جیسے: اِجْتَنَبَ اِفْتَعَلَ کے وزن پر ہے، اِس میں ”ج ساکن“ ف کی جگہ ہے، اور ”ن مفتوح“ ع مفتوح کی جگہ ہے، اور ”ب مفتوح“ ل کی جگہ ہے۔

پس ج، ن، ب حرفِ اصلی ہوئے، اور باقی حرف یعنی ھمزہ اور ت زائد ہیں۔

* * *

افعال اور ان کے صیغے اور گردانیں

عربی میں فعلِ ماضی وغیرہ کے چودہ صیغے ہوتے ہیں، جن کی تفصیل یہ ہے:

تین مذکر غائب کے لیے	تین مؤنث غائب کے لیے
تین مذکر حاضر کے لیے	تین مؤنث حاضر کے لیے

دو متکلم کے لیے

متکلم کا پہلا صیغہ واحد مذکر اور واحد مؤنث کے لیے آتا ہے، اور دوسرا صیغہ تثنیہ مذکر، تثنیہ مؤنث، جمع مذکر و جمع مؤنث کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

فصل (۱)

فعلِ ماضی کی گردان

صیغے	بحث اثبات فعل ماضی معروف	بحث اثبات فعل ماضی مجہول	بحث نفی فعل ماضی معروف	بحث نفی فعل ماضی مجہول
واحد مذکر غائب	فَعَلَ کیا اُس ایک مرد نے	فُعِلَ کیا گیا وہ ایک مرد	مَا فَعَلَ نہیں کیا اُس ایک مرد نے	مَا فُعِلَ نہیں کیا گیا وہ ایک مرد
تثنیہ مذکر غائب	فَعَلَا کیا اُن دو مردوں نے	فُعِلَا کیے گئے وہ دو مرد	مَا فَعَلَا نہیں کیا اُن دو مردوں نے	مَا فُعِلَا نہیں کیے گئے وہ دو مرد
جمع مذکر غائب	فَعَلُوْا کیا اُن سب مردوں نے	فُعِلُوْا کیے گئے وہ سب مرد	مَا فَعَلُوْا نہیں کیا اُن سب مردوں نے	مَا فُعِلُوْا نہیں کیے گئے وہ سب مرد
واحد مؤنث غائب	فَعَلَتْ کیا اُس ایک عورت نے	فُعِلَتْ کی گئی وہ ایک عورت	مَا فَعَلَتْ نہیں کیا اُس ایک عورت نے	مَا فُعِلَتْ نہیں کی گئی وہ ایک عورت
تثنیہ مؤنث غائب	فَعَلَتَا کیا اُن دو عورتوں نے	فُعِلَتَا کی گئیں وہ دو عورتیں	مَا فَعَلَتَا نہیں کیا اُن دو عورتوں نے	مَا فُعِلَتَا نہیں کی گئیں وہ دو عورتیں

صیغے	بحث اثبات فعل ماضی معروف	بحث اثبات فعل ماضی مجہول	بحث نفی فعل ماضی معروف	بحث نفی فعل ماضی مجہول
جمع مؤنث غائب	فَعَلْنَ کیا اُن سب عورتوں نے	فُعِلْنَ کی گئیں وہ سب عورتیں	مَا فَعَلْنَ نہیں کیا اُن سب عورتوں نے	مَا فُعِلْنَ نہیں کی گئیں وہ سب عورتیں
واحد مذکر حاضر	فَعَلْتَ کیا تو ایک مرد نے	فُعِلْتَ کیا گیا تو ایک مرد	مَا فَعَلْتَ نہیں کیا تو ایک مرد نے	مَا فُعِلْتَ نہیں کیا گیا تو ایک مرد
تثنیہ مذکر حاضر	فَعَلْتُمَا کیا تم دو مردوں نے	فُعِلْتُمَا کیے گئے تم دو مرد	مَا فَعَلْتُمَا نہیں کیا تم دو مردوں نے	مَا فُعِلْتُمَا نہیں کیے گئے تم دو مرد
جمع مذکر حاضر	فَعَلْتُمْ کیا تم سب مردوں نے	فُعِلْتُمْ کیے گئے تم سب مرد	مَا فَعَلْتُمْ نہیں کیا تم سب مردوں نے	مَا فُعِلْتُمْ نہیں کیے گئے تم سب مرد
واحد مؤنث حاضر	فَعَلْتِ کیا تو ایک عورت نے	فُعِلْتِ کی گئی تو ایک عورت	مَا فَعَلْتِ نہیں کیا تو ایک عورت نے	مَا فُعِلْتِ نہیں کی گئی تو ایک عورت
تثنیہ مؤنث حاضر	فَعَلْتُمَا کیا تم دو عورتوں نے	فُعِلْتُمَا کی گئیں تم دو عورتیں	مَا فَعَلْتُمَا نہیں کیا تم دو عورتوں نے	مَا فُعِلْتُمَا نہیں کی گئیں تم دو عورتیں
جمع مؤنث حاضر	فَعَلْتُنَّ کیا تم سب عورتوں نے	فُعِلْتُنَّ کی گئیں تم سب عورتیں	مَا فَعَلْتُنَّ نہیں کیا تم سب عورتوں نے	مَا فُعِلْتُنَّ نہیں کی گئیں تم سب عورتیں
واحد مذکر و مؤنث متکلم	فَعَلْتُ کیا میں ایک مرد یا ایک عورت نے	فُعِلْتُ کیا گیا میں ایک مرد یا ایک عورت	مَا فَعَلْتُ نہیں کیا میں ایک مرد یا ایک عورت نے	مَا فُعِلْتُ نہیں کیا گیا میں ایک مرد یا ایک عورت
تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث متکلم	فَعَلْنَا کیا ہم دو مردوں یا دو عورتوں، یا سب مردوں یا سب عورتوں نے	فُعِلْنَا کیے گئے ہم دو مرد یا دو عورتیں، یا سب مرد یا سب عورتیں	مَا فَعَلْنَا نہیں کیا ہم دو مرد یا دو عورتوں، یا سب مرد یا سب عورتوں نے	مَا فُعِلْنَا نہیں کیے گئے ہم دو مرد یا دو عورتیں، یا سب مرد یا سب عورتیں

فائدہ: ماضی کے صیغہ واحد مذکر غائب کے آخر میں ''الف'' بڑھا دینے سے تثنیہ مذکر غائب بن جاتا ہے، جیسے: فَعَلَ سے فَعَلَا، اور ''واؤ'' اس سے پہلے پیش لگا دینے سے جمع مذکر غائب بن جاتا ہے، جیسے: فَعَلُوْا، اور ''ت ساکن'' بڑھا دینے سے واحد مؤنث غائب فَعَلَتْ، اور لفظ تا لگا دینے سے تثنیہ مؤنث غائب فَعَلَتَا ہو جاتا ہے۔ یہی عمل ہر فعل ماضی میں کرو، جیسے: اِجْتَنَبَ سے اِجْتَنَبَا، اِجْتَنَبُوْا، اِجْتَنَبَتْ، اِجْتَنَبَتَا بنیں گے۔

اور واحد مذکر غائب کے آخری حرف کو ساکن کر کے ''ن مفتوح'' لگا دینے سے جمع مؤنث غائب فَعَلْنَ، اور ''ت مفتوح'' لگا دینے سے واحد مذکر حاضر فَعَلْتَ، اور تُمَا سے تثنیہ مذکر حاضر فَعَلْتُمَا، اور تُمْ سے جمع مذکر حاضر فَعَلْتُمْ، اور ''ت مکسور'' سے واحد مؤنث حاضر فَعَلْتِ، اور تُمَا سے تثنیہ مؤنث حاضر فَعَلْتُمَا، اور تُنَّ سے جمع مؤنث حاضر فَعَلْتُنَّ، اور ''ت مضموم'' سے واحد مذکر و مؤنث متکلم فَعَلْتُ، اور نَا سے تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث متکلم فَعَلْنَا بن گیا۔

یہی عمل ہر ماضی میں کرو، جیسے: اِجْتَنَبَ سے اِجْتَنَبْنَ، اِجْتَنَبْتَ، اِجْتَنَبْتُمَا، اِجْتَنَبْتُمْ، اِجْتَنَبْتِ، اِجْتَنَبْتُمَا، اِجْتَنَبْتُنَّ، اِجْتَنَبْتُ، اِجْتَنَبْنَا بنیں گے۔

ماضی مجہول بنانے کا قاعدہ

ماضی معروف کے صیغہ واحد مذکر غائب کے آخری حرف کو اس کی حالت پر چھوڑ دو، اور آخر کے پاس والے حرف کو زیر دے دو اگر زیر نہ ہو، اور باقی جتنے حرکت والے حرف ہوں خواہ ایک یا دو، سب کو پیش دے دو، ماضی مجہول کا صیغہ واحد مذکر غائب بن جائے گا، جیسے: ضَرَبَ سے ضُرِبَ، اور سَمِعَ سے سُمِعَ، اور أَكْرَمَ سے أُكْرِمَ اور اِجْتَنَبَ سے اُجْتُنِبَ، پھر باقی صیغے بنانے کے لیے وہی طریقہ اختیار کرو جو ماضی معروف میں بیان ہوا۔

فائدہ: ماضی مثبت کے شروع میں مَا لگا دینے سے ماضی منفی بن جاتی ہے۔

(نظم)

غور کر کے مجھ سے اب سن لو ذرا   ماضیٔ مجہول کا تم قاعدا
حرفِ آخر ماضیٔ معروف کو   حال پر اُس کے ہمیشہ چھوڑ دو
پہلا آخر سے نہ ہو مکسور گر   زیر دے دو اس کو واجب جان کر
باقی جس جس حرف پر معروف کے   فتحہ یا کسرہ ہو دو ضمہ اُسے
ماضیٔ منفی بنانا ہو اگر
ما لگادو اُس کے اوّل بے خطر

سوالات

(الف) افعالِ ذیل کی چاروں گردانیں مندرجہ نقشۂ بالا مع معنی بیان کرو:

كَتَبَ	مَنَعَ	اِجْتَنَبَ	عَلِمَ	تَرَكَ
اس نے لکھا۔	اس نے روکا۔	اس نے پرہیز کیا۔	اس نے جانا۔	اس نے چھوڑا۔

(ب) الفاظِ ذیل کے معنی بیان کرو:

مَا كَتَبُوْا   مَنَعْتُمْ   اِجْتَنَبْتُنَّ   مَا تَرَكَ   مَنَعْنَ

(ج) فقراتِ ذیل کو عربی میں ادا کرو:

میں نے نہیں روکا۔   ان دو مردوں نے روکا۔
ان سب عورتوں نے پرہیز کیا۔   ہم نے نہیں چھوڑا۔
ان دو عورتوں نے جانا۔

* * *

فصل (۲)

فعلِ مضارع کا بیان

فعلِ مضارع معروف، فعلِ ماضی معروف سے بنتا ہے۔ اس کے بنانے کا مختصر قاعدہ گردان کے بعد بیان ہوگا۔

فعلِ مضارع کی گردان

صیغہ	بحث اثبات فعلِ مضارع معروف	بحث اثبات فعلِ مضارع مجہول	بحث نفی فعلِ مضارع معروف	بحث نفی فعلِ مضارع مجہول
واحد مذکر غائب	يَفْعَلُ کرتا ہے یا کرے گا وہ ایک مرد	يُفْعَلُ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا وہ ایک مرد	لَا يَفْعَلُ نہیں کرتا ہے یا نہیں کرے گا وہ ایک مرد	لَا يُفْعَلُ نہیں کیا جاتا ہے یا نہیں کیا جائے گا وہ ایک مرد
تثنیہ مذکر غائب	يَفْعَلَانِ	يُفْعَلَانِ	لَا يَفْعَلَانِ	لَا يُفْعَلَانِ
جمع مذکر غائب	يَفْعَلُوْنَ	يُفْعَلُوْنَ	لَا يَفْعَلُوْنَ	لَا يُفْعَلُوْنَ
واحد مؤنث غائب	تَفْعَلُ کرتی ہے یا کرے گی وہ ایک عورت	تُفْعَلُ کی جاتی ہے یا کی جائے گی وہ ایک عورت	لَا تَفْعَلُ نہیں کرتی ہے یا نہیں کرے گی وہ ایک عورت	لَا تُفْعَلُ نہیں کی جاتی ہے یا نہیں کی جائے گی وہ ایک عورت
تثنیہ مؤنث غائب	تَفْعَلَانِ	تُفْعَلَانِ	لَا تَفْعَلَانِ	لَا تُفْعَلَانِ
جمع مؤنث غائب	يَفْعَلْنَ	يُفْعَلْنَ	لَا يَفْعَلْنَ	لَا يُفْعَلْنَ
واحد مذکر حاضر	تَفْعَلُ کرتا ہے یا کرے گا تو ایک مرد	تُفْعَلُ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا تو ایک مرد	لَا تَفْعَلُ نہیں کرتا ہے یا نہیں کرے گا تو ایک مرد	لَا تُفْعَلُ نہیں کیا جاتا ہے یا نہیں کیا جائے گا تو ایک مرد
تثنیہ مذکر حاضر	تَفْعَلَانِ	تُفْعَلَانِ	لَا تَفْعَلَانِ	لَا تُفْعَلَانِ

صیغے	بحث ثبات فعل مضارع معروف	بحث ثبات فعل مضارع مجہول	بحث نفی فعل مضارع معروف	بحث نفی فعل مضارع مجہول
جمع مذکر حاضر	تَفْعَلُوْنَ	تُفْعَلُوْنَ	لَا تَفْعَلُوْنَ	لَا تُفْعَلُوْنَ
واحد مؤنث حاضر	تَفْعَلِيْنَ کرتی ہے یا کرے گی تو ایک عورت	تُفْعَلِيْنَ کی جاتی ہے یا کی جائے گی تو ایک عورت	لَا تَفْعَلِيْنَ نہیں کرتی ہے یا نہیں کرے گی تو ایک عورت	لَا تُفْعَلِيْنَ نہیں کی جاتی ہے یا نہیں کی جائے گی تو ایک عورت
تثنیہ مؤنث حاضر	تَفْعَلَانِ	تُفْعَلَانِ	لَا تَفْعَلَانِ	لَا تُفْعَلَانِ
جمع مؤنث حاضر	تَفْعَلْنَ	تُفْعَلْنَ	لَا تَفْعَلْنَ	لَا تُفْعَلْنَ
واحد مذکر ومؤنث متکلم	أَفْعَلُ کرتا ہوں یا کروں گا میں ایک مرد یا ایک عورت	أُفْعَلُ کیا جاتا ہوں یا کیا جاؤں گا میں ایک مرد یا ایک عورت	لَا أَفْعَلُ نہیں کرتا ہوں یا نہیں کروں گا میں ایک مرد یا ایک عورت	لَا أُفْعَلُ نہیں کیا جاتا ہوں یا نہیں کیا جاؤں گا میں ایک مرد یا ایک عورت
تثنیہ وجمع مذکر ومؤنث متکلم	نَفْعَلُ کرتے ہیں یا کریں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں، یا سب مرد یا سب عورتیں	نُفْعَلُ کیے جاتے ہیں یا کیے جائیں گے ہم دو مرد یا دو ہم عورتیں، یا سب مرد یا سب عورتیں	لَا نَفْعَلُ نہیں کرتے ہیں یا نہیں کریں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں، یا سب مرد یا سب عورتیں	لَا نُفْعَلُ نہیں کیے جاتے ہیں یا نہیں کیے جائیں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں، یا سب مرد یا سب عورتیں

قاعدہ: ماضی کے شروع میں ایک حرف چار حرفوں میں سے لگا دو، وہ چار حرف یہ ہیں: أ، ت، ي، ن کہ مجموعہ ان کا أَتَيْنَ ہے، ان چار حرفوں کو مضارع کی علامت کہتے ہیں۔

"الف" صرف ایک صیغہ واحد مذکر ومؤنث متکلم کے شروع میں آتا ہے، اور ت آٹھ صیغوں میں، یعنی تین

مذکر حاضر، تین مؤنث حاضر، دو مؤنث غائب، اور ي مذکر غائب کے تین صیغوں اور جمع مؤنث غائب میں، اور ن تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث متکلم کے شروع میں لگادو۔

مضارع کے آخر میں پانچ صیغوں میں پیش لگادو، وہ پانچ صیغے یہ ہیں:

واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد متکلم، تثنیہ و جمع متکلم۔

سات صیغوں میں ”نونِ اعرابی“ لگادو، وہ سات صیغے یہ ہیں:

چار تثنیہ کہ ان میں نونِ اعرابی مکسور ہوتا ہے، اور دو جمع مذکر غائب و جمع مذکر حاضر، ایک واحد مؤنث حاضر کہ ان میں نونِ اعرابی مفتوح ہوتا ہے، اور ”نونِ جمع مؤنث“ جیسا کہ ماضی میں آتا ہے مضارع میں بھی آتا ہے۔

مضارع مجہول بنانے کا قاعدہ

علامتِ مضارع کو پیش دے دو اگر پیش نہ ہو، اور آخر سے پہلے حرف کو زبر دے دو اگر زبر نہ ہو، باقی حالت بدستور رہنے دو، مضارع مجہول بن جائے گا، جیسے: يَضْرِبُ سے يُضْرَبُ، يَسْمَعُ سے يُسْمَعُ، يُكْرِمُ سے يُكْرَمُ اور يَجْتَنِبُ سے يُجْتَنَبُ.

ف: مضارع مثبت پر لَا لانے سے مضارع منفی بن جاتا ہے، جیسے: لَا يَضْرِبُ (وہ نہیں مارتا ہے)۔

﴿نظم﴾

ہیں مضارِع کی علامت حرف چار
”تا“ ”الف“ اور ”یا“ و ”نون“ کو کر شمار
ہوتا ہے مجموع چاروں کا أَتَيْنَ
یاد کرلے دل سے تو اے نورِ عین
ہے ”الف“ صرف ایک صیغہ کے لیے
ایسے ہی ”نون“ ایک صیغہ کے لیے
چار صیغوں میں ہے ”یا“ آتا سدا
آٹھ صیغوں کے لیے ہے ”تا“ بنا
پانچ کے آخر میں ضمہ دو لگا
”نونِ اعرابی“ ملاؤ سات جا
پھر بنانا ہے اگر ”مجہول“ کو
تم علامت پر ہمیشہ ضمہ دو
بعد ازاں آخر سے پہلے دو زبر
اور باقی رکھو اس کے حال پر

لَا اگر مثبت مضارع پر لگے
بے شک ولا ریب وہ منفی بنے

سوالات

۱۔ فعل مضارع کے وہ صیغے بتاؤ جن کے آخر میں پیش آتا ہے؟

۲۔ فعل مضارع کے کون کون سے صیغے ہیں جن کے آخر میں نونِ اعرابی ہوتا ہے؟

۳۔ نونِ اعرابی کون کون سے صیغوں میں مفتوح اور کتنے صیغوں میں مکسور ہوتا ہے؟

۴۔ افعالِ ذیل کی پوری پوری گردان مندرجہ نقشۂ بالا سے کرو:

يَجْتَنِبُ. يَكْتُبُ. يَسْمَعُ. يَعْلَمُ. يَمْنَعُ.

۵۔ فقراتِ ذیل کے معنی بتاؤ:۔

لَا يَكْتُبُوْنَ. يَسْمَعُوْنَ. تَعْلَمِيْنَ.
يَكْتُبْنَ. نَمْنَعُ. أَتْرُكُ.

۶۔ ذیل کے اُردو جملوں کا عربی میں ترجمہ کرو:

ہم لکھتے ہیں۔
تم سب چھوڑتے ہو۔
تم دو مرد لکھو گے۔
ہم روکتے ہیں۔
ہم جانتے ہیں۔
وہ سب مرد جانتے ہیں۔
وہ سب عورتیں سنیں گی۔
تم دو عورتیں لکھو گی۔
میں ایک عورت سنوں گی۔
میں روکتا ہوں۔
تو ایک عورت روکے گی۔
تم سب عورتیں سنو گی۔
وہ دو عورتیں لکھتی ہیں۔

* * *

فصل (۳)

نفی تاکید بہ لَنْ ونفی جحد بہ لَمْ کی گردان

صیغے	بحث نفی تاکید بہ لَنْ در فعل مستقبل معروف	بحث نفی تاکید بہ لَنْ در فعل مستقبل مجہول	بحث نفی جحد بہ لَمْ در فعل مستقبل معروف	بحث نفی جحد بہ لَمْ در فعل مستقبل مجہول
واحد مذکر غائب	لَنْ يَّفْعَلَ ہرگز نہیں کرے گا وہ ایک مرد	لَنْ يُّفْعَلَ ہرگز نہیں کیا جائے گا وہ ایک مرد	لَمْ يَفْعَلْ نہیں کیا اس ایک مرد نے	لَمْ يُفْعَلْ نہیں کیا گیا وہ ایک مرد
تثنیہ مذکر غائب	لَنْ يَّفْعَلَا	لَنْ يُّفْعَلَا	لَمْ يَفْعَلَا	لَمْ يُفْعَلَا
جمع مذکر غائب	لَنْ يَّفْعَلُوْا	لَنْ يُّفْعَلُوْا	لَمْ يَفْعَلُوْا	لَمْ يُفْعَلُوْا
واحد مؤنث غائب	لَنْ تَفْعَلَ ہرگز نہیں کرے گی وہ ایک عورت	لَنْ تُفْعَلَ ہرگز نہیں کی جائے گی وہ ایک عورت	لَمْ تَفْعَلْ نہیں کیا اس ایک عورت نے	لَمْ تُفْعَلْ نہیں کی گئی وہ ایک عورت
تثنیہ مؤنث غائب	لَنْ تَفْعَلَا	لَنْ تُفْعَلَا	لَمْ تَفْعَلَا	لَمْ تُفْعَلَا
جمع مؤنث غائب	لَنْ يَّفْعَلْنَ	لَنْ يُّفْعَلْنَ	لَمْ يَفْعَلْنَ	لَمْ يُفْعَلْنَ
واحد مذکر حاضر	لَنْ تَفْعَلَ ہرگز نہیں کرے گا تو ایک مرد	لَنْ تُفْعَلَ ہرگز نہیں کیا جائے گا تو ایک مرد	لَمْ تَفْعَلْ نہیں کیا تو ایک مرد نے	لَمْ تُفْعَلْ نہیں کیا گیا تو ایک مرد
تثنیہ مذکر حاضر	لَنْ تَفْعَلَا	لَنْ تُفْعَلَا	لَمْ تَفْعَلَا	لَمْ تُفْعَلَا

صیغے	بحث نفی تاکید بہ لَنْ در فعل مستقبل معروف	بحث نفی تاکید بہ لَنْ در فعل مستقبل مجہول	بحث نفی جحد بہ لَمْ در فعل مستقبل معروف	بحث نفی جحد بہ لَمْ در فعل مستقبل مجہول
جمع مذکر حاضر	لَنْ تَفْعَلُوْا	لَنْ تُفْعَلُوْا	لَمْ تَفْعَلُوْا	لَمْ تُفْعَلُوْا
واحد مؤنث حاضر	لَنْ تَفْعَلِيْ ہرگز نہیں کرے گی تو ایک عورت	لَنْ تُفْعَلِيْ ہرگز نہیں کی جائے گی تو ایک عورت	لَمْ تَفْعَلِيْ نہیں کیا تو ایک عورت نے	لَمْ تُفْعَلِيْ نہیں کی گئی تو ایک عورت
تثنیہ مؤنث حاضر	لَنْ تَفْعَلَا	لَنْ تُفْعَلَا	لَمْ تَفْعَلَا	لَمْ تُفْعَلَا
جمع مؤنث حاضر	لَنْ تَفْعَلْنَ	لَنْ تُفْعَلْنَ	لَمْ تَفْعَلْنَ	لَمْ تُفْعَلْنَ
واحد مذکر ومؤنث متکلم	لَنْ أَفْعَلَ ہرگز نہیں کروں گا میں ایک مرد یا ایک عورت	لَنْ أُفْعَلَ ہرگز نہیں کیا جاؤں گا میں ایک مرد یا ایک عورت	لَمْ أَفْعَلْ نہیں کیا میں ایک مرد یا ایک عورت نے	لَمْ أُفْعَلْ نہیں کیا گیا میں ایک مرد یا ایک عورت
تثنیہ وجمع مذکر ومؤنث متکلم	لَنْ نَّفْعَلَ ہرگز نہیں کریں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں، یا سب مرد یا سب عورتیں	لَنْ نُّفْعَلَ ہرگز نہیں کیے جائیں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں، یا سب مرد یا سب عورتیں	لَمْ نَفْعَلْ نہیں کیا ہم دو مرد یا دو عورتوں، یا سب مرد یا سب عورتوں نے	لَمْ نُفْعَلْ نہیں کیے گئے ہم دو مرد یا دو عورتیں، یا سب مرد یا سب عورتیں

قاعدہ: لَنْ مضارع مثبت کے شروع میں لاؤ اور واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر اور متکلم کے دونوں صیغوں میں آخری حرف پر بجائے پیش کے زبر دے دو، اور سات صیغوں میں سے "نونِ اعرابی" گرا دو، اور دو صیغوں میں جمع مؤنث کے ن کو رہنے دو، بحث نفی تاکید بہ لَنْ بن جائے گی۔

لَنْ فعلِ مضارع کو خالص مستقبل کے معنی میں کر دیتا ہے۔

قاعدہ ۲: لَمْ مضارع مثبت کے شروع میں لاؤ، اور جن پانچ صیغوں کے آخر میں پیش ہے ان سب میں بجائے پیش کے جزم دے دو اگر حرفِ علّت نہ ہو، جیسے: لَمْ يَنْصُرْ، لَمْ يَضْرِبْ، لَمْ يَسْمَعْ. اور اگر حرفِ علّت ہو تو اُس کو گرادو، جیسے: يَدْعُوْ سے لَمْ يَدْعُ، اور يَرْمِيْ سے لَمْ يَرْمِ، اور يَخْشٰى سے لَمْ يَخْشَ. اور سات صیغوں میں ”نونِ اعرابی“ گرادو، اور دو صیغوں میں جمع مؤنث کے ن کو رہنے دو، بحث نفی بہ لَمْ بن جائے گی۔

لَمْ فعلِ مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے۔

﴿نظم﴾

لَنْ مضارع پر لگائے تو اگر   پانچ صیغوں میں کرے گا وہ زبر
ہیں یہی وہ پانچ جن پر ضمہ تھا   اب بجائے ضمہ کے فتحہ ہوا
”نونِ اعرابی“ کو دیتا ہے گرا   سات صیغوں میں وہ بے روئے وریا
اور مضارع کو ہے دیتا بے گماں
خاص مستقبل کے معنی اے جواں
لَمْ مضارع پر اگر آجائے گا   جزم دے گا پانچ صیغوں کو سدا
ہیں یہی وہ پانچ جو مضموم تھے   لَمْ کے آجانے سے اب ساکن ہوئے
”نونِ اعرابی“ گرائے سات جا   مثل لَنْ کے یاد رکھ یہ قاعدا
اور مضارع کو ہے دیتا بے خطر   ماضی منفی کے معنی اے پسر
حرفِ علّت ہووے آخر میں اگر   لَمْ لگائے جب تو اس کو دور کر
حرفِ علّت تین ہیں اے نیک رائے
اور ہے مجموع ان تینوں کا ”وائے“

سوالات

۱۔ لَنْ و لَمْ لفظوں میں کیا عمل کرتے ہیں اور معنوں میں کیا؟

۲۔ الفاظ ذیل کی پوری پوری گردان مندرجہ نقشۂ بالا سے کرو:

لَنْ يَّجْتَنِبَ. لَنْ يَّسْمَعَ. لَمْ يَكْتُبْ. لَمْ يَعْلَمْ.

۳۔ ذیل کے صیغوں کے معنی بتاؤ:

لَنْ يَّفْعَلُوْا. لَمْ يَفْعَلُوْا. لَنْ أَسْمَعَ.
لَمْ يَجْتَنِبُوْا. لَمْ يَتْرُكْنَ.

۴۔ ذیل کے اُردو جملوں کا عربی میں ترجمہ کرو:

میں ہرگز نہیں لکھوں گا۔ وہ ایک عورت ہرگز نہیں سنے گی۔
تم دو مردوں نے پرہیز نہیں کیا۔ تم سب مرد نہیں چھوڑے جاؤ گے۔
ہم نے نہیں لکھا۔ تو ایک عورت ہرگز نہیں سنے گی۔
تو ایک عورت نے نہیں سنا۔ تم سب عورتیں ہرگز نہیں چھوڑی جاؤ گی۔
تم سب عورتیں نہیں چھوڑی گئیں۔

* * *

فصل (۴)

لامِ تاکید بانونِ تاکید کی گردان

صیغے	لامِ تاکید بانونِ ثقیلہ در فعلِ مستقبل معروف	لامِ تاکید بانونِ ثقیلہ در فعلِ مستقبل مجہول	لامِ تاکید بانونِ خفیفہ در فعلِ مستقبل معروف	لامِ تاکید بانونِ خفیفہ در فعلِ مستقبل مجہول
واحد مذکر غائب	لَيَفْعَلَنَّ ضرور ضرور کرے گا وہ ایک مرد	لَيُفْعَلَنَّ ضرور ضرور کیا جائے گا وہ ایک مرد	لَيَفْعَلَنْ ضرور ضرور کرے گا وہ ایک مرد	لَيُفْعَلَنْ ضرور ضرور کیا جائے گا وہ ایک مرد
تثنیہ مذکر غائب	لَيَفْعَلَانِّ	لَيُفْعَلَانِّ	--	--
جمع مذکر غائب	لَيَفْعَلُنَّ	لَيُفْعَلُنَّ	لَيَفْعَلُنْ	لَيُفْعَلُنْ
واحد مؤنث غائب	لَتَفْعَلَنَّ ضرور ضرور کرے گی وہ ایک عورت	لَتُفْعَلَنَّ ضرور ضرور کی جائے گی وہ ایک عورت	لَتَفْعَلَنْ ضرور ضرور کرے گی وہ ایک عورت	لَتُفْعَلَنْ ضرور ضرور کی جائے گی وہ ایک عورت
تثنیہ مؤنث غائب	لَتَفْعَلَانِّ	لَتُفْعَلَانِّ	--	--
جمع مؤنث غائب	لَيَفْعَلْنَانِّ	لَيُفْعَلْنَانِّ	--	--
واحد مذکر حاضر	لَتَفْعَلَنَّ ضرور ضرور کرے گا تو ایک مرد	لَتُفْعَلَنَّ ضرور ضرور کیا جائے گا تو ایک مرد	لَتَفْعَلَنْ ضرور ضرور کرے گا تو ایک مرد	لَتُفْعَلَنْ ضرور ضرور کیا جائے گا تو ایک مرد
تثنیہ مذکر حاضر	لَتَفْعَلَانِّ	لَتُفْعَلَانِّ	--	--
جمع مذکر حاضر	لَتَفْعَلُنَّ	لَتُفْعَلُنَّ	لَتَفْعَلُنْ	لَتُفْعَلُنْ

صیغہ	بحث لامِ تاکید با نونِ ثقیلہ در فعلِ مستقبل معروف	بحث لامِ تاکید با نونِ ثقیلہ در فعلِ مستقبل مجہول	بحث لامِ تاکید با نونِ خفیفہ در فعلِ مستقبل معروف	بحث لامِ تاکید با نونِ خفیفہ در فعلِ مستقبل مجہول
واحد مؤنث حاضر	لَتَفْعَلِنَّ ضرور ضرور کرے گی تو ایک عورت	لَتُفْعَلِنَّ ضرور ضرور کی جائے گی تو ایک عورت	لَتَفْعَلِنْ ضرور ضرور کرے گی تو ایک عورت	لَتُفْعَلِنْ ضرور ضرور کی جائے گی تو ایک عورت
تثنیہ مؤنث حاضر	لَتَفْعَلَانِّ	لَتُفْعَلَانِّ	--	--
جمع مؤنث حاضر	لَتَفْعَلْنَانِّ	لَتُفْعَلْنَانِّ	--	--
واحد مذکر ومؤنث متکلم	لَأَفْعَلَنَّ ضرور ضرور کروں گا میں ایک مرد یا ایک عورت	لَأُفْعَلَنَّ ضرور ضرور کیا جاؤں گا میں ایک مرد یا ایک عورت	لَأَفْعَلَنْ ضرور ضرور کروں گا میں ایک مرد یا ایک عورت	لَأُفْعَلَنْ ضرور ضرور کیا جاؤں گا میں ایک مرد یا ایک عورت
تثنیہ وجمع مذکر ومؤنث متکلم	لَنَفْعَلَنَّ ضرور ضرور کریں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں، یا سب مرد یا سب عورتیں	لَنُفْعَلَنَّ ضرور ضرور کیے جائیں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں، یا سب مرد یا سب عورتیں	لَنَفْعَلَنْ ضرور ضرور کریں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں، یا سب مرد یا سب عورتیں	لَنُفْعَلَنْ ضرور ضرور کیے جائیں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں، یا سب مرد یا سب عورتیں

قاعدہ: ’’نونِ تاکید‘‘ دو طرح کا ہوتا ہے: نونِ ثقیلہ، نونِ خفیفہ۔

نونِ ثقیلہ: نونِ مشدّد کو کہتے ہیں۔

نونِ خفیفہ: نونِ ساکن کو کہتے ہیں۔

’’نونِ ثقیلہ‘‘ چودہ صیغوں میں آتا ہے، اور ’’نونِ خفیفہ‘‘ صرف آٹھ صیغوں میں، باقی چھ صیغوں میں جن میں ’’نونِ ثقیلہ‘‘ سے پہلے ’’الف‘‘ ہے، نہیں آتا۔

’’لامِ تاکید‘‘ ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے۔ پس ’’بحث لامِ تاکید بانونِ ثقیلہ‘‘ بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مضارع مثبت

کے شروع میں ''لامِ تاکید'' اور آخر میں ''نونِ ثقیلہ'' لگادو، اور سات صیغوں سے ''نونِ اعرابی'' گرادو، جمع مذکر غائب اور جمع مذکر حاضر کے صیغوں سے ''واؤ'' اور واحد مؤنث حاضر کے صیغہ سے ي دور کردو۔

جمع مؤنث غائب اور جمع مؤنث حاضر میں ''نونِ ثقیلہ'' سے پہلے ''الف'' بڑھادو تاکہ ''نونِ جمع مؤنث'' اور ''نونِ ثقیلہ'' کے جمع ہونے سے صیغہ ثقیل نہ ہوجائے، اس ''الف'' کو ''الفِ فاصل'' کہتے ہیں، کیوں کہ یہ ''نونِ جمع مؤنث'' اور ''نونِ تاکید'' کو جدا کردیتا ہے۔

''نونِ ثقیلہ'' سے پہلے چھ صیغوں میں یعنی چار تثنیہ اور جمع مؤنث غائب وجمع مؤنث حاضر میں ''الف'' ہوتا ہے، اور جمع مذکر غائب وجمع مذکر حاضر میں ''نونِ ثقیلہ'' سے پہلے پیش ہوتا ہے، اور واحد مؤنث حاضر میں زیر ہوتا ہے، اور باقی واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر اور متکلم کے دونوں صیغوں میں ''نونِ ثقیلہ'' سے پہلے زبر ہوتا ہے۔ ''الف'' کے بعد ''نونِ ثقیلہ'' مکسور ہوتا ہے اور باقی تمام صیغوں میں مفتوح۔

''نونِ خفیفہ'' کا بھی وہی قاعدہ ہے جو ''نونِ ثقیلہ'' کا ہے، صرف ساکن اور مشدّد کا فرق ہے۔

(نظم)

اب بیاں کرتا ہوں تم سے قاعدا   ''لامِ تاکید'' اور ''نونِ تاکید'' کا
''نون تاکیدی'' کی اوّل قسم دو   تم ثقیلہ اور خفیفہ جان لو
بعد ازاں صیغے بنانے کا طریق   سن لو مجھ سے دل لگا کر اے رفیق
''لام'' کو تاکید کے اے با وفا   ابتدا میں دو مضارع کے لگا
''نون'' کو تاکید کے آخر میں لا   سات جا سے ''نونِ اعرابی'' گرا
پھر مذکر جمع سے تو بالیقیں   دور کردے ''واؤ'' کو اے ہم نشیں
''واؤ'' سے پہلے جو ضمہ ہے یہاں   باقی رکھ اُس کو اُسی جا ہر زماں
صیغۂ واحد مؤنث میں جو ''یا''   آتی ہے اُس کو بھی دے فوراً اُڑا
قبل ''یا'' کے ہے جو یاں کسرہ لگا   دور کرنا ہے نہیں اس کا روا

پھر مؤنث جمع میں اے با خبر   بعدِ ''نونِ فاصل'' ''الف'' ایزاد کر
ہے ''الفِ فاصل'' کا یہ اک فائدا   کرتا ہے ''نونوں'' کو آپس میں جدا
پیشتر ''نونِ ثقیلہ'' کے مدام   آتا ہے چھ جا ''الف'' اے نیک نام
اور مذکر جمع میں اے ہوشیار   ''نون'' سے پہلے ہو ضمہ بے غبار
واحد حاضر میں مؤنث کے تو جان   ''نون'' سے پہلے ہو کسرہ کا نشان
پانچ جا پہلے ثقیلہ سے جناب   ہوتا ہے مفتوح تم کر لو حساب
حال اب ''نونِ ثقیلہ'' کا سنو   بعد ''الف'' کے دائما مکسور ہو
اور باقی سارے صیغوں میں عزیز   ہوتا ہے مفتوح تم کر لو تمیز
قاعدہ تو کردیا ہم نے تمام   اور سن لو بات تم اے خوش کلام
چودہ صیغے ہیں ''ثقیلہ'' کے لیے   آٹھ ہیں ''نونِ خفیفہ'' کے لیے
یعنی جس جا پر ''الف'' موجود ہو   واں خفیفہ کا نشاں نابود ہو
ہے ثقیلہ اور خفیفہ کا بیاں   سخت مشکل ''صَرف'' میں اے مہرباں
نظم سے لیکن وہ آساں ہوگیا
پس کرو تم واسطے میرے دُعا

سوالات

۱۔ افعالِ سابقہ یَجْتَنِبُ، یَسْمَعُ، یَتْرُكُ وغیرہ سے ''نونِ ثقیلہ وخفیفہ'' کی گردان کرو۔

۲۔ لَیَفْعَلُنَّ، لَتَفْعَلِنَّ، لَیَفْعَلْنَانِّ مضارع کے کون کون سے صیغے سے اور کس طرح بنائے گئے ہیں؟

۳۔ تَفْعَلْنَ، تَفْعَلُوْنَ، یَفْعَلَانِ، أَفْعَلُ سے ''لامِ تاکید بانونِ تاکید ثقیلہ وخفیفہ'' بناؤ۔

۴۔ وہ سات صیغے کون سے ہیں جن سے ''نونِ اعرابی'' گرایا جاتا ہے؟

۵۔ ''الف فاصل'' کسے کہتے ہیں؟

۶۔ لَیَجْتَنِبْنَانِّ، لَتَعْلَمُنَّ، لَنَسْمَعَنَّ، لَتَتْرُكُنَّ کا اردو میں ترجمہ کرو۔

۷۔ ذیل کے اُردو جملوں کا عربی میں ترجمہ کرو:

ہم ضرور ضرور لکھیں گے۔ وہ دو مرد ضرور ضرور روکیں گے۔

تم سب عورتیں ضرور ضرور پرہیز کرو گی۔ وہ سب مرد ضرور ضرور جائیں گے۔

تم دو عورتیں ضرور ضرور سنو گی۔ وہ ایک عورت ضرور ضرور چھوڑی جائے گی۔

میں ایک مرد ضرور ضرور سنوں گا۔ وہ سب عورتیں ضرور ضرور جائیں گی۔

* * *

فصل (۵)

امر کی گردان

صیغے	معروف	مجہول	معروف بانون ثقیلہ	مجہول بانون ثقیلہ	معروف بانون خفیفہ	مجہول بانون خفیفہ
واحد مذکر غائب	لِيَفْعَلْ چاہیے کہ کرے وہ ایک مرد	لِيُفْعَلْ چاہیے کہ کیا جائے وہ ایک مرد	لِيَفْعَلَنَّ چاہیے کہ ضرور کرے وہ ایک مرد	لِيُفْعَلَنَّ چاہیے کہ ضرور کیا جائے وہ ایک مرد	لِيَفْعَلَنْ چاہیے کہ ضرور کرے وہ ایک مرد	لِيُفْعَلَنْ چاہیے کہ ضرور کیا جائے وہ ایک مرد
تثنیہ مذکر غائب	لِيَفْعَلَا	لِيُفْعَلَا	لِيَفْعَلَانِّ	لِيُفْعَلَانِّ	--	--
جمع مذکر غائب	لِيَفْعَلُوْا	لِيُفْعَلُوْا	لِيَفْعَلُنَّ	لِيُفْعَلُنَّ	لِيَفْعَلُنْ	لِيُفْعَلُنْ
واحد مؤنث غائب	لِتَفْعَلْ چاہیے کہ کرے وہ ایک عورت	لِتُفْعَلْ چاہیے کہ کی جائے وہ ایک عورت	لِتَفْعَلَنَّ	لِتُفْعَلَنَّ	لِتَفْعَلَنْ چاہیے کہ ضرور کرے وہ ایک عورت	لِتُفْعَلَنْ چاہیے کہ ضرور کی جائے وہ ایک عورت
تثنیہ مؤنث غائب	لِتَفْعَلَا	لِتُفْعَلَا	لِتَفْعَلَانِّ	لِتُفْعَلَانِّ	--	--
جمع مؤنث غائب	لِيَفْعَلْنَ	لِيُفْعَلْنَ	لِيَفْعَلْنَانِّ	لِيُفْعَلْنَانِّ	--	--
واحد مذکر حاضر	اِفْعَلْ کر تو ایک مرد	لِتُفْعَلْ چاہیے کہ کیا جائے تو ایک مرد	اِفْعَلَنَّ ضرور کر تو ایک مرد	لِتُفْعَلَنَّ چاہیے کہ ضرور کیا جائے تو ایک مرد	اِفْعَلَنْ	لِتُفْعَلَنْ
تثنیہ مذکر حاضر	اِفْعَلَا	لِتُفْعَلَا	اِفْعَلَانِّ	لِتُفْعَلَانِّ	--	--

صیغہ	امر معروف	مجہول	معروف بانون ثقیلہ	مجہول بانون ثقیلہ	معروف بانون خفیفہ	مجہول بانون خفیفہ
جمع مذکر مخاطب	اِفْعَلُوْا	لِتُفْعَلُوْا	اِفْعَلُنَّ	لِتُفْعَلُنَّ	اِفْعَلُنْ	لِتُفْعَلُنْ
واحد مؤنث مخاطب	اِفْعَلِيْ کرتو ایک عورت	لِتُفْعَلِيْ چاہیے کہ کی جائے تو ایک عورت	اِفْعَلِنَّ ضرور کر تو ایک عورت	لِتُفْعَلِنَّ چاہیے کہ ضرور کی جائے تو ایک عورت	اِفْعَلِنْ	لِتُفْعَلِنْ
تثنیہ مؤنث مخاطب	اِفْعَلَا	لِتُفْعَلَا	اِفْعَلَانِّ	لِتُفْعَلَانِّ	--	--
جمع مؤنث مخاطب	اِفْعَلْنَ	لِتُفْعَلْنَ	اِفْعَلْنَانِّ	لِتُفْعَلْنَانِّ	--	--
واحد مذکر ومؤنث متکلم	لِأَفْعَلْ چاہیے کہ کروں میں ایک مرد یا ایک عورت	لِأُفْعَلْ چاہیے کہ کیا جاؤں میں ایک مرد یا ایک عورت	لِأَفْعَلَنَّ	لِأُفْعَلَنَّ	لِأَفْعَلَنْ	لِأُفْعَلَنْ
تثنیہ وجمع مذکر ومؤنث متکلم	لِنَفْعَلْ چاہیے کہ کریں ہم دو مرد یا دو عورتیں، یا سب مرد یا سب عورتیں	لِنُفْعَلْ چاہیے کہ کیے جائیں ہم دو مرد یا دو عورتیں، یا سب مرد یا سب عورتیں	لِنَفْعَلَنَّ	لِنُفْعَلَنَّ	لِنَفْعَلَنْ	لِنُفْعَلَنْ

قاعدہ: امر کو فعل مضارع سے بناتے ہیں، امر معروف کو مضارع معروف سے اور امر مجہول کو مضارع مجہول سے، غائب کو غائب سے، حاضر کو حاضر سے اور متکلم کو متکلم سے، یعنی امر کا جو صیغہ بنانا ہو اس کو مضارع کے اسی صیغہ سے بنائیں گے۔ اس کی تفصیل حسب ذیل ہے:

امر غائب معروف: بنایا جاتا ہے مضارع غائب معروف سے۔

امر غائب مجہول: بنایا جاتا ہے مضارع غائب مجہول سے۔

امر حاضر مجہول: بنایا جاتا ہے مضارع حاضر مجہول سے۔

امر متکلم معروف: بنایا جاتا ہے مضارع متکلم معروف سے۔

امر متکلم مجہول: بنایا جاتا ہے مضارع متکلم مجہول سے۔

ان سب کے بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مضارع مثبت کے شروع میں "ل مکسور" لگادو، اور آخر سے ساکن کردو، اگر "نونِ اعرابی" ہو تو اس کو گرادو، اور "نونِ جمع مؤنث" کو رہنے دو، اگر حرفِ علت نہ ہو، جیسے: يَضْرِبُ سے لِيَضْرِبْ، اور يُضْرَبُ سے لِيُضْرَبْ، اور تُضْرَبُ سے لِتُضْرَبْ، اور أَضْرِبُ سے لِأَضْرِبْ، اور أُضْرَبُ سے لِأُضْرَبْ، اور يَضْرِبَانِ سے لِيَضْرِبَا، اور يَضْرِبْنَ سے لِيَضْرِبْنَ. اور اگر حرفِ علّت ہو تو اس کو گرادو، جیسے: يَدْعُوْ سے لِيَدْعُ، اور يَرْمِيْ سے لِيَرْمِ، اور يَخْشٰى سے لِيَخْشَ.

امر حاضر معروف بنانے کا خاص قاعدہ

یہ ہے کہ مضارع حاضر معروف سے علامتِ مضارع ت کو گرادینے کے بعد اگر پہلا حرف متحرک ہو تو آخر سے ساکن کردو، اگر حرفِ علّت نہ ہو، جیسے: تُعَلِّمُ سے عَلِّمْ، اور تَضَعُ سے ضَعْ. اگر حرفِ علّت ہو تو اس کو گرادو، جیسے: تَقِيْ سے قِ.

اگر علامتِ مضارع دُور کرنے کے بعد پہلا حرف ساکن رہتا ہے تو "عین کلمہ" کو دیکھو، اگر "عین کلمہ" مفتوح ہے یا مکسور ہے تو "ہمزہ وصل مکسور" شروع میں لگادو، اگر حرفِ علت نہ ہو، جیسے: تَسْمَعُ سے اِسْمَعْ، اور تَضْرِبُ سے اِضْرِبْ، اور اگر حرفِ علت ہو تو گرادو، جیسے: تَرْمِيْ سے اِرْمِ، اور تَخْشٰى سے اِخْشَ۔

اگر "عین کلمہ" مضموم ہے تو "ہمزہ وصل مضموم" شروع میں لگادو اگر حرفِ علّت نہ ہو، جیسے: تَنْصُرُ سے أُنْصُرْ. اور اگر حرفِ علّت ہو تو اس کو گرادو، جیسے: تَدْعُوْ سے أُدْعُ.

فائدہ: امر میں "نونِ جمع مؤنث" باقی رہتا ہے اور "نونِ اعرابی" گرادیا جاتا ہے۔

فائدہ ۲: ''نونِ ثقیلہ وخفیفہ'' جس طرح مضارع میں آتا ہے امر میں بھی آتا ہے، لیکن اس میں ''لامِ تاکید'' نہیں لگایا جاتا۔

فائدہ ۳: ''لامِ تاکید'' مفتوح ہوتا ہے اور اس کے معنی ہیں: ''ضرور''، ''لامِ امر'' مکسور ہوتا ہے اور اس کے معنی ہیں: ''چاہیے کہ''۔

فائدہ ۴: ''ہمزہ وصل'' وہ ہمزہ ہے جو اپنے پہلے حرف سے مل جائے اور پڑھنے میں نہ آئے، مگر لکھنے میں باقی رہے، جیسے: فَاطْلُبْ، ثُمَّ اطْلُبْ.

نظم:

''تا'' مضارع سے تو پہلے دُور کر حرفِ اوّل پر پھر اس کے کر نظر
گر ہو اُس پر کوئی حرکت اے فتا کردے آخر سے تو ساکن بے خطا
گر علامت کو گرا کر مہرباں حرفِ اوّل پر سکوں ہووے عیاں
''عین'' پر صیغے کے پھر کر لو نظر زیر رکھتا ہے یا اُس پر ہے زبر
گر زبر یا زیر ہو اُس پر جناب دو لگا ''مکسور ہمزہ'' تم شتاب
''عین'' صیغہ کا اگر مضموم ہو ''ہمزہ'' بھی مضموم تم زائد کرو
یہ ہوا معروف حاضر کا بیاں یاد کرلو خوب اس کو بر زباں
اور جتنے صیغے ہیں اس کے سوا قاعدہ اُن کا ہے بالکل ہی جدا
پس علامت باقی رکھ اے ہمام ابتدا میں دو لگا ''مکسور لام''
ہاں یہ واجب جان تو اے با حیا ہوتا ہے آخر سے ساکن دائما
حرفِ علّت ہووے آخر میں اگر
دُور کردو اس کو تم اے خوش سِیَر

سوالات

۱۔ اِسْمَعْ، اُكْتُبْ، اِجْتَنِبْ سے امر کی پوری گردان کرو۔

۲۔ ''لامِ تاکید'' اور ''لامِ امر'' میں کیا فرق ہے؟

۳۔ امر حاضر معروف بنانے کا قاعدہ بیان کرو۔

۴۔ ''ہمزہ وصل'' کسے کہتے ہیں؟

۵۔ فقراتِ ذیل کے معنی بیان کرو:

لِيَكْتُبُوْا. اُتْرُكُوْا. لِتَعْلَمَنَّ. اِمْنَعِنَّ. لَأَكْتُبَنَّ.
اِعْلَمُوْا. لِيَمْنَعَنَّ. اُتْرُكْنَانِّ. لِيَسْمَعَانِّ. لِتُتْرَكُوْا.

۶۔ ذیل کے جملوں کو عربی میں ادا کرو:

تم لوگ لکھو۔ تم لوگ ضرور لکھو۔
چاہیے کہ وہ سب عورتیں ضرور پرہیز کریں۔ تو ایک عورت چھوڑ۔
چاہیے کہ وہ دو عورتیں سنیں۔ چاہیے کہ ہم ضرور چھوڑیں۔
تم سب عورتیں سنو۔ تم سب عورتیں ضرور سنو۔
تو ایک مرد روک۔ چاہیے کہ وہ سب مرد ضرور روکیں۔
تم دو مرد ضرور روکو۔

* * *

فصل (۶)

نہی کی گردان

صیغے	نہی معروف	نہی مجہول	نہی معروف بانونِ ثقیلہ	نہی مجہول بانونِ ثقیلہ	نہی معروف بانونِ خفیفہ	نہی مجہول بانونِ خفیفہ
واحد مذکر غائب	لَا يَفْعَلْ نہ کرے وہ ایک مرد	لَا يُفْعَلْ نہ کیا جائے وہ ایک مرد	لَا يَفْعَلَنَّ ہرگز نہ کرے وہ ایک مرد	لَا يُفْعَلَنَّ ہرگز نہ کیا جائے وہ ایک مرد	لَا يَفْعَلَنْ ہرگز نہ کرے وہ ایک مرد	لَا يُفْعَلَنْ ہرگز نہ کیا جائے وہ ایک مرد
تثنیہ مذکر غائب	لَا يَفْعَلَا نہ کریں وہ دو مرد	لَا يُفْعَلَا	لَا يَفْعَلَانِّ	لَا يُفْعَلَانِّ	--	--
جمع مذکر غائب	لَا يَفْعَلُوْا نہ کریں وہ سب مرد	لَا يُفْعَلُوْا	لَا يَفْعَلُنَّ	لَا يُفْعَلُنَّ	لَا يَفْعَلُنْ	لَا يُفْعَلُنْ
واحد مؤنث غائب	لَا تَفْعَلْ نہ کرے وہ ایک عورت	لَا تُفْعَلْ نہ کی جائے وہ ایک عورت	لَا تَفْعَلَنَّ ہرگز نہ کرے وہ ایک عورت	لَا تُفْعَلَنَّ ہرگز نہ کی جائے وہ ایک عورت	لَا تَفْعَلَنْ ہرگز نہ کرے وہ ایک عورت	لَا تُفْعَلَنْ ہرگز نہ کی جائے وہ ایک عورت
تثنیہ مؤنث غائب	لَا تَفْعَلَا	لَا تُفْعَلَا	لَا تَفْعَلَانِّ	لَا تُفْعَلَانِّ	--	--
جمع مؤنث غائب	لَا يَفْعَلْنَ	لَا يُفْعَلْنَ	لَا يَفْعَلْنَانِّ	لَا يُفْعَلْنَانِّ	--	--
واحد مذکر حاضر	لَا تَفْعَلْ نہ کر تو ایک مرد	لَا تُفْعَلْ نہ کیا جائے تو ایک مرد	لَا تَفْعَلَنَّ ہرگز نہ کرے تو ایک مرد	لَا تُفْعَلَنَّ ہرگز نہ کیا جائے تو ایک مرد	لَا تَفْعَلَنْ ہرگز نہ کرے تو ایک مرد	لَا تُفْعَلَنْ ہرگز نہ کیا جائے تو ایک مرد

صیغے	نہی معروف	نہی مجہول	نہی معروف بانون ثقیلہ	نہی مجہول بانون ثقیلہ	نہی معروف بانون خفیفہ	نہی مجہول بانون خفیفہ
تثنیہ مذکر حاضر	لَا تَفْعَلَا	لَا تُفْعَلَا	لَا تَفْعَلَانِّ	لَا تُفْعَلَانِّ	--	--
جمع مذکر حاضر	لَا تَفْعَلُوْا	لَا تُفْعَلُوْا	لَا تَفْعَلُنَّ	لَا تُفْعَلُنَّ	لَا تَفْعَلُنْ	لَا تُفْعَلُنْ
واحد مؤنث حاضر	لَا تَفْعَلِيْ نہ کر تو ایک عورت	لَا تُفْعَلِيْ نہ کی جائے تو ایک عورت	لَا تَفْعَلِنَّ ہرگز نہ کرے تو ایک عورت	لَا تُفْعَلِنَّ ہرگز نہ کی جائے تو ایک عورت	لَا تَفْعَلِنْ ہرگز نہ کرے تو ایک عورت	لَا تُفْعَلِنْ ہرگز نہ کی جائے تو ایک عورت
تثنیہ مؤنث حاضر	لَا تَفْعَلَا	لَا تُفْعَلَا	لَا تَفْعَلَانِّ	لَا تُفْعَلَانِّ	--	--
جمع مؤنث حاضر	لَا تَفْعَلْنَ	لَا تُفْعَلْنَ	لَا تَفْعَلْنَانِّ	لَا تُفْعَلْنَانِّ	--	--
واحد مذکر ومؤنث متکلم	لَا أَفْعَلْ نہ کروں میں ایک مرد یا ایک عورت	لَا أُفْعَلْ نہ کیا جاؤں میں ایک مرد یا ایک عورت	لَا أَفْعَلَنَّ	لَا أُفْعَلَنَّ	لَا أَفْعَلَنْ	لَا أُفْعَلَنْ
تثنیہ وجمع مذکر ومؤنث متکلم	لَا نَفْعَلْ نہ کریں ہم دو مرد یا دو عورتیں، یا سب مرد یا سب عورتیں	لَا نُفْعَلْ نہ کیے جائیں ہم دو مرد یا دو عورتیں، یا سب مرد یا سب عورتیں	لَا نَفْعَلَنَّ	لَا نُفْعَلَنَّ	لَا نَفْعَلَنْ	لَا نُفْعَلَنْ

قاعدہ: مضارع مثبت کے شروع میں ”لائے نہی“ لگادو، اور جن پانچ صیغوں میں پیش ہے اُن کو جزم دے دو، اگر حرفِ علّت نہ ہو، جیسے: لَا تَضْرِبْ، لَا تَسْمَعْ، لَا تَنْصُرْ، اور اگر حرفِ علّت ہو تو گرادو، جیسے: لَا تَدْعُ،

لَا تَرْمِ، لَا تَخْشَ، اورسات جگہ سے ”نونِ اعرابی“ گرادواور ”نونِ جمع مؤنث“ کو رہنے دو۔

”نونِ ثقیلہ وخفیفہ“ جس طرح مضارع میں آتا ہے نہی میں بھی لایا جاتا ہے، لیکن امر کی طرح ”لامِ تاکید“ یہاں بھی نہیں آتا۔

نظم

کرکے ساکن تو مضارع کو اخی   ابتدا میں دے لگا ”لائے نہی“
حرفِ علّت گر ہو آخر میں عیاں   باقی رکھ ہرگز نہ تو اس کا نشاں
”نونِ اعرابی“ گرا تو مثلِ امر
یاد کرلے قاعدہ ہے مختصر

سوالات

۔ لَا يَجْتَنِبْ، لَا يَتْرُكْ، لَا يَمْنَعْ سے پوری گردان کرو۔

۲۔ فقراتِ ذیل کا ترجمہ اُردو میں کرو:

لَا تَمْنَعُوْا. لَا يَتْرُكْنَ. لَا يَجْتَنِبَا. لَا تَمْنَعِيْ.
لَا تَتْرُكْنَ. لَا تَتْرُكْنَانِّ. لَا تَعْلَمَنَّ.

۳۔ ذیل کے اردو جملوں کا عربی میں ترجمہ کرو:

تو ایک عورت ہرگز نہ روک۔   وہ سب عورتیں ہرگز نہ چھوڑیں۔
میں ہرگز پرہیز نہ کروں۔   تم لوگ ہرگز نہ روکو۔
وہ دو عورتیں ہرگز نہ لکھیں۔

فائدہ: اب ہم نفی تاکید بہ لَنْ لامِ تاکید بانونِ تاکید، امر بانونِ تاکید، نہی بانونِ تاکید کا فرق بیان کرتے ہیں۔ اگر طالب علم نے ہمت اور شوق سے اس کو سمجھ لیا تو صَرف کی گردانیں یاد ہو کر ترجمہ کی اچھی قوت پیدا ہو جائے گی،

وَبِاللّٰهِ التَّوْفِيْقُ:

لَنْ يَّفْعَلَ	ہرگز نہ کرے گا وہ ایک مرد۔
لَا يَفْعَلَنَّ	ہرگز نہ کرے وہ ایک مرد۔
لَيَفْعَلَنَّ	ضرور ضرور کرے گا وہ ایک مرد۔
لِيَفْعَلَنَّ	چاہیے کہ ضرور کرے وہ ایک مرد۔

اردو میں ترجمہ کرو

لَنْ أَضْرِبَ.	لَأَضْرِبَنَّ.	لَا أَضْرِبَنَّ.	لِأَضْرِبَنَّ.
لَيَسْمَعَنَّ.	لَا يَسْمَعَنَّ.	لَنْ تَّسْمَعَ.	لِيَسْمَعَنَّ.
لَا تَمْنَعَنَّ.	لَمْ تَمْنَعْ.	لَتَمْنَعَنَّ.	اِمْنَعَنَّ.

عربی میں ترجمہ کرو

ہرگز نہیں سنیں گی وہ سب عورتیں۔ ہرگز نہ سنیں وہ سب عورتیں۔

ضرور ضرور سنیں گی وہ سب عورتیں۔ چاہیے کہ ضرور سنیں وہ سب عورتیں۔

ہرگز نہ چھوڑو تم سب مرد۔ ہرگز نہ چھوڑو گے تم سب مرد۔

ضرور ضرور چھوڑو گے تم سب مرد۔ ضرور ضرور پرہیز کریں گے وہ سب مرد۔

چاہیے کہ ضرور پرہیز کریں وہ سب مرد۔

* * *

فصل (ـ)

اسمِ فاعل

جو لفظ کام کرنے والے کو بتائے اُس کو "اسمِ فاعل" کہتے ہیں، جیسے: فَاعِلٌ (کرنے والا ایک مرد)، فَاعِلَةٌ (کرنے والی ایک عورت)۔

فَاعِلٌ	فَاعِلَانِ	فَاعِلُوْنَ	فَاعِلَةٌ	فَاعِلَتَانِ	فَاعِلَاتٌ
کرنے والا	کرنے والے	کرنے والے	کرنے والی	کرنے والی	کرنے والی
ایک مرد	دو مرد	سب مرد	ایک عورت	دو عورتیں	سب عورتیں
صیغہ واحد مذکر	صیغہ تثنیہ مذکر	صیغہ جمع مذکر	صیغہ واحد مؤنث	صیغہ تثنیہ مؤنث	صیغہ جمع مؤنث

قاعدہ: جب ماضی تین حرف کی ہو تو اسمِ فاعل کا صیغہ واحد مذکر فَاعِلٌ کے وزن پر آئے گا، جیسے: نَصَرَ سے نَاصِرٌ، ضَرَبَ سے ضَارِبٌ، سَمِعَ سے سَامِعٌ.

اور اگر ماضی کا پہلا صیغہ تین حرف سے زیادہ ہو تو اسم فاعل مضارع معروف سے اس طرح بناؤ کہ علامتِ مضارع کو دور کر کے اس کی جگہ "م مضموم" لگاؤ، اور آخر سے پہلے حرف کو زیر دے دو اگر زیر نہ ہو، اور آخری حرف پر تنوین لگا دو، جیسے: يُكْرِمُ سے مُكْرِمٌ، اور يَجْتَنِبُ سے مُجْتَنِبٌ، يَتَقَبَّلُ سے مُتَقَبِّلٌ.

نظم

اسم فاعل کا سنو اب قاعدہ   اور اٹھاؤ اس سے کامل فائدہ
ہو سہ حرفی ماضی جب اے خوش سیر   تم بناؤ فَاعِلٌ کے وزن پر
حرف اس میں گر ہوں زائد تین سے   اسم فاعل پھر مضارع سے بنے
جو علامت ہو مضارع کی ولا   باقی رکھنا ہے نہیں اُس کا روا
پس گرادو اُس کو تم بے خوف و بیم   اور لگادو اس کی جا "مضموم میم"
قبل آخر حرف کے تم زیر دو
اور بڑھا آخر میں دو تنوین کو

سوالات

۱۔ سَامِعٌ، مُجْتَنِبٌ، مُنْتَصِرٌ، مُتَقَبِّلٌ کی گردان کرو۔

۲۔ عَالِمُوْنَ، مُجْتَنِبَةٌ، تَارِكَاتٌ، مَانِعَانِ کے معنی بتاؤ۔

۳۔ ذیل کے اردو جملوں کا عربی میں ترجمہ کرو:

دو عورتیں چھوڑنے والی۔

دو مرد لکھنے والے۔

ایک عورت سننے والی۔

دو مرد سننے والے۔

سب عورتیں پرہیز کرنے والی۔

سب مرد روکنے والے۔

دو عورتیں پرہیز کرنے والی۔

سب عورتیں روکنے والی۔

* * *

فصل (۱)

اسم مفعول

جو لفظ اُس آدمی یا چیز کو بتائے جس پر کام واقع ہوا اُس کو ''اسم مفعول'' کہتے ہیں۔ گردان یہ ہے:

مَفْعُوْلٌ	مَفْعُوْلَانِ	مَفْعُوْلُوْنَ	مَفْعُوْلَۃٌ	مَفْعُوْلَتَانِ	مَفْعُوْلَاتٌ
کیا ہوا ایک مرد	کیے ہوئے دو مرد	کیے ہوئے سب مرد	کی ہوئی ایک عورت	کی ہوئی دو عورتیں	کی ہوئی سب عورتیں
صیغہ واحد مذکر	صیغہ تثنیہ مذکر	صیغہ جمع مذکر	صیغہ واحد مؤنث	صیغہ تثنیہ مؤنث	صیغہ جمع مؤنث

قاعدہ: جب ماضی سہ حرفی ہو تو اسم مفعول واحد مذکر مَفْعُوْلٌ کے وزن پر آئے گا، جیسے: نَصَرَ سے مَنْصُوْرٌ، ضَرَبَ سے مَضْرُوْبٌ، سَمِعَ سے مَسْمُوْعٌ.

اور اگر ماضی تین حرف سے زائد ہو تو اسم مفعول مضارع مجہول سے اس طرح بناؤ کہ علامتِ مضارع کو گرا کر اس کی جگہ ''م مضموم'' لگاؤ، اور آخر میں تنوین بڑھادو، جیسے: یُکْرَمُ سے مُکْرَمٌ، یُجْتَنَبُ سے مُجْتَنَبٌ، یُتَقَبَّلُ سے مُتَقَبَّلٌ.

نظم

اسم مفعول اب بنانا ہے اگر   قاعدہ اس کا بھی سن اے نام ور
یاد رکھ یہ کہ سہ حرفی ماضی سے   آتا ہے وہ وزن پر مَفْعُوْلٌ کے
ہو اگر ماضی سہ حرفی سے مزید   پھر مضارع سے بنا تو اے سعید
پر مضارع بھی وہ جو مجہول ہو   کام میں لانا نہ یاں معروف کو
دو مضارع کی علامت کو گرا   ضمہ والا ''میم'' دو اس جا لگا
اور پھر آخر میں دو تنوین بڑھا
اسم مفعول اس طرح بن جائے گا

سوالات

۱۔ مُجْتَنَبٌ، مُسْتَنْصَرٌ، مُتَقَبَّلٌ کی پوری گردان کرو۔

۲۔ الفاظ ذیل کے معنی بتاؤ:

مَسْمُوْعُوْنَ. مَعْلُوْمَاتٌ. مَتْرُوْكَةٌ. مَنْصُوْرَانِ.

۳۔ ذیل کے اردو جملوں کو عربی میں ادا کرو:

ماری ہوئی ایک عورت۔ چھوڑی ہوئی دو عورتیں۔

مدد کیے ہوئے سب مرد۔

* * *

فصل (۹)

اسمِ تفضیل

جو لفظ کسی کام کرنے والے کی بڑائی ظاہر کرے اس کو "اسمِ تفضیل" کہتے ہیں۔ گردان یہ ہے:

أَفْعَلُ زیادہ کرنے والا ایک مرد صیغہ واحد مذکر	أَفْعَلَانِ زیادہ کرنے والے دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر	أَفْعَلُوْنَ زیادہ کرنے والے سب مرد صیغہ جمع مذکر	أَفَاعِلُ زیادہ کرنے والے سب مرد صیغہ جمع مذکر
فُعْلٰی زیادہ کرنے والی ایک عورت صیغہ واحد مؤنث	فُعْلَیَانِ زیادہ کرنے والی دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث	فُعْلَیَاتُ زیادہ کرنے والی سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث	فُعَلُ زیادہ کرنے والی سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث

قاعدہ: اسمِ تفضیل واحد مذکر ہمیشہ أَفْعَلُ کے وزن پر بنالو، اور واحد مؤنث فُعْلٰی کے وزن پر۔ جیسے: أَكْبَرُ كُبْرٰى، أَصْغَرُ صُغْرٰى.

جب ماضی سہ حرفی نہ ہوگی اسمِ تفضیل نہیں آئے گا۔

(نظم)

وزن ہیں دو افعل التفضیل کے   أَفْعَلُ واحد مذکر کے لیے
اور مؤنث کے لیے فُعْلٰی ہوا   یاد رکھ اس کو جو میں نے لکھ دیا
افعل التفضیل میں یہ شرط جان   تین حرفی ماضی ہو اے خوش بیان
گر ثلاثی ہو مجرّد کے سوا
ایک بھی صیغہ نہ اُس کا آئے گا

سوالات

۱۔ أَسْمَعُ، أَمْنَعُ، أَعْلَمُ سے اسم تفضیل کی پوری گردان کرو۔

۲۔ أَعْلَمُوْنَ، سُمْعَيَاتٌ، أَضَارِبُ کے معنی بتاؤ۔

۳ ذیل کے اردو جملوں کی عربی بناؤ:

زیادہ سننے والے دو مرد۔ زیادہ مارنے والی دو عورتیں۔

زیادہ جاننے والی سب عورتیں۔ زیادہ سننے والے سب مرد۔

* * *

فصل (۱۰)

اسم ظرف

جو لفظ کسی کام کی جگہ یا وقت کا نام ہو اُسے "اسم ظرف" کہتے ہیں۔ اس کی گردان یہ ہے:

مَفْعَلٌ	مَفْعَلَانِ	مَفَاعِلُ
ایک وقت یا ایک جگہ کام کرنے کی	دو وقت یا دو جگہ کام کرنے کی	سب وقت یا سب جگہ کام کرنے کی
صیغہ واحد	صیغہ تثنیہ	صیغہ جمع

قاعدہ: سہ حرفی ماضی کے ظرف کو فعلِ مضارع کے صیغہ واحد مذکر سے اس طرح بناؤ کہ علامتِ مضارع دور کر کے اس کی جگہ "م مفتوح" لگاؤ، اور "عین کلمہ" اگر مضموم ہو تو اس کو زبر دے دو، ورنہ اس کی حالت پر چھوڑ دو، اور آخری حرف پر تنوین زیادہ کرو، جیسے: يَنْصُرُ سے مَنْصَرٌ، يَضْرِبُ سے مَضْرِبٌ اور يَسْمَعُ سے مَسْمَعٌ.

جب ماضی سہ حرفی نہ ہو تو اسم ظرف و اسم مفعول دونوں ایک طرح کے ہوں گے۔

(نظم)

لکھتا ہوں اب میں زروئے علم صرف صاف اور واضح طریق اسم ظرف
بنتا ہے فعلِ مضارع سے یہ اسم اور ہمیشہ ہوتی ہیں اس کی دو قسم
ایک ہے ظرفِ مکاں اے خوش لقا دوسرا ظرفِ زماں ہے بے خطا
آتا ہے وہ ایک ہی صیغہ مگر دونوں قسموں کے لیے اے با ہنر
پس علامت کو گرا کر دائما فتحہ والا "میم" دو اُس جا لگا
"عین" پر صیغہ کے پھر کرلو نظر ضمہ ہے اُس پر یا کسرہ یا زبر
دو زبر تم "عین" پر گر ضمہ ہو ورنہ اُس کے حال پر ہی چھوڑ دو
کر کے آخر حرف سے ضمہ کو دور دو بڑھا تنوین کو تم بالضرور
لیک ماضی تین حرفی کے سِوا
اسم مفعول اور ظرف ایک آئے گا

سوالات

۱۔ مَضْرِبٌ، مَنْصَرٌ، مَقْتَلٌ سے اسم ظرف کی گردان کرو۔

۲۔ مَضَارِبُ، مَسَاجِدُ، مَدَارِسُ کے معنی بتاؤ۔

۳۔ دو جگہ مارنے کی۔ دو زمانے مدد کرنے کے۔ (اِن کی عربی بناؤ)

* * *

فصل (۱۱)

اسم آلہ

جو لفظ کسی اوزار یعنی کام کرنے کی چیز کا نام ہو اُسے ''اسم آلہ'' کہتے ہیں۔ گردان یہ ہے:

واحد	تثنیہ	جمع
مِفْعَلٌ ایک آلہ کرنے کا	مِفْعَلَانِ دو آلے کرنے کے	مَفَاعِلُ سب آلے کرنے کے
مِفْعَلَةٌ 〃	مِفْعَلَتَانِ 〃	مَفَاعِلُ 〃
مِفْعَالٌ 〃	مِفْعَالَانِ 〃	مَفَاعِيْلُ 〃

قاعدہ: اسم آلہ مضارع معروف سے اس طرح بنتا ہے:

۱۔ علامتِ مضارع کو دور کر کے م مکسور لگا دو، اور ''عین کلمہ'' کو زبر دے دو اگر زبر نہ ہو، اور آخری حرف پر تنوین بڑھا دو۔

۲۔ یہ کہ اس پہلی صورت کے آخر میں تا زیادہ کرو۔

۳۔ یہ کہ علامتِ مضارع کی جگہ م مکسور لگا کر ''عین کلمہ'' کے بعد ''الف'' زیادہ کرو، اور آخر میں تنوین کا اضافہ کرو، جیسے: يَضْرِبُ سے مِضْرَبٌ (پہلی صورت)، مِضْرَبَةٌ (دوسری صورت)، مِضْرَابٌ (تیسری صورت)۔

﴿نظم﴾

تین صیغے اسم آلہ کے تو جان   مِفْعَلٌ اور مِفْعَلَةٌ، مِفْعَالٌ مان
اسمِ آلہ میں بھی مثل اسمِ ظرف   شرط ہے یہ ماضی کے ہوں تین حرف
گر ہو ماضی تین حرفی کے سوا   اسم آلہ کا نہ صیغہ آئے گا

سوالات

۱۔ مِضْرَبٌ، مِفْتَاحٌ، مِقْرَاضٌ سے اسم آلہ کی گردان کرو۔

۲۔ مِسْمَعٌ، مَنَاصِرُ، مَفَاتِيْحُ کے معنی بتاؤ۔

۳۔ ان کی عربی بناؤ:

دو آلے سننے کے۔ سب آلے مارنے کے۔

﴿علم الصرف کا پہلا حصہ ختم ہوا﴾

* * *

علم الصرف

حصہ دوم

حَامِدًا وَّمُصَلِّيًا وَّمُسَلِّمًا

واضح ہو کہ اصلی حروف کے اعتبار سے تمام فعل اور اسم دو قسم پر ہیں:

۱۔ ثلاثی ۲۔ رباعی

ثلاثی: اس کو کہتے ہیں جس میں تین حرف اصلی ہوں، جیسے: ضَرَبَ، نَصَرَ.

رباعی: وہ ہے جس میں چار حرف اصلی ہوں، جیسے: بَعْثَرَ، دَحْرَجَ.

پھر ثلاثی اور رباعی میں سے ہر ایک کی دو دو قسمیں ہیں:

۱۔ ثلاثی مجرّد ۲۔ ثلاثی مزید فیہ

۱۔ رُباعی مجرّد ۲۔ رُباعی مزید فیہ

مجرّد: اُس کو کہتے ہیں کہ جس کی ماضی کے صیغہ واحد مذکر غائب میں کوئی حرف زائد نہ ہو، جیسے: نَصَرَ، ضَرَبَ ثلاثی مجرّد ہے، اور بَعْثَرَ، دَحْرَجَ رباعی مجرّد ہیں۔

مزید فیہ: وہ ہے جس کی ماضی کے صیغہ واحد مذکر غائب میں کوئی حرف زائد بھی ہو، جیسے: اِجْتَنَبَ، اِسْتَنْصَرَ ثلاثی مزید فیہ ہے، اور تَسَرْبَلَ، تَزَنْدَقَ، رباعی مزید فیہ ہے۔

ثلاثی مجرّد کی چھ قسمیں ہیں جس کو چھ باب کہتے ہیں اور وہ یہ ہیں:

١. فَعَلَ يَفْعُلُ جیسے نَصَرَ يَنْصُرُ. ٢. فَعَلَ يَفْعِلُ جیسے ضَرَبَ يَضْرِبُ.

٣. فَعِلَ يَفْعَلُ جیسے سَمِعَ يَسْمَعُ. ٤. فَعَلَ يَفْعَلُ جیسے فَتَحَ يَفْتَحُ.

٥. فَعُلَ يَفْعُلُ جیسے كَرُمَ يَكْرُمُ. ٦. فَعِلَ يَفْعِلُ جیسے حَسِبَ يَحْسِبُ.

(ان ابواب کی تفصیل آگے دیکھ کر ان کی گردان یاد کرلو۔)

[illegible] بروزن فَعَلَ يَفْعُلُ ماضی میں عین کلمہ مفتوح اور مضارع میں عین کلمہ مضموم، جیسے: نَصَرَ يَنْصُرُ	صرف صغیر	نَصَرَ يَنْصُرُ نَصْرًا فَهُوَ نَاصِرٌ، وَنُصِرَ يُنْصَرُ نَصْرًا فَهُوَ مَنْصُورٌ، اَلْأَمْرُ مِنْهُ اُنْصُرْ، وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَنْصُرْ، اَلظَّرْفُ مِنْهُ مَنْصَرٌ، وَالْآلَةُ مِنْهُ مِنْصَرٌ، أَفْعَلُ التَّفْضِيْلِ مِنْهُ أَنْصَرُ، وَالْمُؤَنَّثُ مِنْهُ نُصْرٰى.

[illegible]: اَلطَّلَبُ (ڈھونڈنا)، اَلدُّخُوْلُ (داخل ہونا)، اَلْعِبَادَةُ (پوجنا)، اَلْقَتْلُ (مارڈالنا)، اَلتَّرْكُ (چھوڑنا)۔

[illegible] بروزن فَعَلَ يَفْعِلُ ماضی میں عین کلمہ مفتوح اور مضارع میں مکسور، جیسے: ضَرَبَ يَضْرِبُ	صرف صغیر	ضَرَبَ يَضْرِبُ ضَرْبًا فَهُوَ ضَارِبٌ، وَضُرِبَ يُضْرَبُ ضَرْبًا فَهُوَ مَضْرُوْبٌ، اَلْأَمْرُ مِنْهُ اِضْرِبْ، وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَضْرِبْ، اَلظَّرْفُ مِنْهُ مَضْرِبٌ، وَالْآلَةُ مِنْهُ مِضْرَبٌ، أَفْعَلُ التَّفْضِيْلِ مِنْهُ أَضْرَبُ، وَالْمُؤَنَّثُ مِنْهُ ضُرْبٰى.

[illegible]: اَلْغَسْلُ (دھونا)، اَلظُّلْمُ (ظلم کرنا)، اَلْفَصْلُ (جدا کرنا)، اَلْغَلْبُ (غلبہ کرنا)، اَلْجُلُوْسُ (بیٹھنا)۔

[illegible] بروزن فَعِلَ يَفْعَلُ ماضی میں عین کلمہ مکسور اور مضارع میں مفتوح، جیسے: سَمِعَ يَسْمَعُ	[illegible]	سَمِعَ يَسْمَعُ سَمْعًا فَهُوَ سَامِعٌ، وَسُمِعَ يُسْمَعُ سَمْعًا فَهُوَ مَسْمُوْعٌ، اَلْأَمْرُ مِنْهُ اِسْمَعْ، وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَسْمَعْ، اَلظَّرْفُ مِنْهُ مَسْمَعٌ، وَالْآلَةُ مِنْهُ مِسْمَعٌ، أَفْعَلُ التَّفْضِيْلِ مِنْهُ أَسْمَعُ، وَالْمُؤَنَّثُ مِنْهُ سُمْعٰى.

[illegible]: اَلْعِلْمُ (جاننا)، اَلْفَهْمُ (سمجھنا)، اَلشَّهَادَةُ (گواہی دینا)، اَلْحَمْدُ (تعریف کرنا)، اَلشُّرْبُ (پینا)۔

چوتھا باب بروزن فَعَلَ يَفْعَلُ ماضی ومضارع میں عین کلمہ مفتوح، جیسے: فَتَحَ يَفْتَحُ	صرف صغیر	فَتَحَ يَفْتَحُ فَتْحًا فَهُوَ فَاتِحٌ، وَفُتِحَ يُفْتَحُ فَتْحًا فَهُوَ مَفْتُوْحٌ، اَلْأَمْرُ مِنْهُ اِفْتَحْ، وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَفْتَحْ، اَلظَّرْفُ مِنْهُ مَفْتَحٌ، وَالْآلَةُ مِنْهُ مِفْتَحٌ، أَفْعَلُ التَّفْضِيْلِ مِنْهُ أَفْتَحُ، وَالْمُؤَنَّثُ مِنْهُ فُتْحٰى.

مصادر: اَلْمَنْعُ (روکنا)، اَلصَّبْغُ (رنگنا)، اَلرَّهْنُ (رہن رکھنا)، اَلسَّلْخُ (کھال کھینچنا)۔

پانچواں باب بروزن فَعُلَ يَفْعُلُ ماضی اور مضارع میں عین کلمہ مضموم، جیسے: كَرُمَ يَكْرُمُ	صرف صغیر	كَرُمَ يَكْرُمُ كَرَمًا فَهُوَ كَرِيْمٌ، اَلْأَمْرُ مِنْهُ اُكْرُمْ، وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَكْرُمْ، اَلظَّرْفُ مِنْهُ مَكْرَمٌ، وَالْآلَةُ مِنْهُ مِكْرَمٌ، أَفْعَلُ التَّفْضِيْلِ مِنْهُ أَكْرَمُ، وَالْمُؤَنَّثُ مِنْهُ كُرْمٰى.

مصادر: اَلْقُرْبُ (نزدیک ہونا)، اَلْبُعْدُ (دُور ہونا)، اَلْكَثْرَةُ (بہت ہونا)، اَللُّطْفُ (پاکیزہ ہونا)۔

چھٹا باب بروزن فَعِلَ يَفْعِلُ ماضی اور مضارع میں عین کلمہ مکسور، جیسے: حَسِبَ يَحْسِبُ	صرف صغیر	حَسِبَ يَحْسِبُ حَسْبًا وَحِسَابًا فَهُوَ حَاسِبٌ، وَحُسِبَ يُحْسَبُ حَسْبًا وَحِسَابًا فَهُوَ مَحْسُوْبٌ، اَلْأَمْرُ مِنْهُ اِحْسِبْ، وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَحْسِبْ، اَلظَّرْفُ مِنْهُ مَحْسِبٌ، وَالْآلَةُ مِنْهُ مِحْسَبٌ، أَفْعَلُ التَّفْضِيْلِ مِنْهُ أَحْسَبُ، وَالْمُؤَنَّثُ مِنْهُ حُسْبٰى.

ثلاثی مزید فیہ: دو طرح کی ہوتی ہے:

۱۔ ثلاثی مزید باہمزۂ وصل ۲۔ ثلاثی مزید بے ہمزۂ وصل

ثلاثی مزید باہمزۂ وصل کے نو باب ہیں، اور وہ یہ ہیں:

١. افتعال (اِجْتِنَابٌ). ٢. استفعال (اِسْتِنْصَارٌ). ٣. انفعال (اِنْفِطَارٌ).

٤. افعلال (اِحْمِرَارٌ). ٥. افعیلال (اِدْهِيْمَامٌ). ٦. افعیعال (اِخْشِيْشَانٌ).

٧. افعوّال (اِجْلِوَّاذٌ). ٨. افّاعل (اِثَّاقُلٌ). ٩. افّعّل (اِطَّهُّرٌ).

تنبیہ: ثلاثی مجرد کے علاوہ باقی کل ابواب کی گردانوں میں اسم مفعول ہی اسم ظرف کے معنی دیتا ہے، اور ان میں اسم آلہ اور اسم تفضیل نہیں آئے گا۔

١۔ باب اول اِفْتِعَالٌ، جیسے: اِجْتِنَابٌ (پرہیز کرنا)	صرف صغیر	اِجْتَنَبَ يَجْتَنِبُ اِجْتِنَابًا فَهُوَ مُجْتَنِبٌ، وَاُجْتُنِبَ يُجْتَنَبُ اِجْتِنَابًا فَهُوَ مُجْتَنَبٌ، اَلْأَمْرُ مِنْهُ اِجْتَنِبْ، وَالنَّهْيُ [عَنْهُ] لَا تَجْتَنِبْ.

مصادر: اَلْاِقْتِنَاصُ (شکار کرنا)، اَلْاِعْتِزَالُ (یکسو ہونا)، اَلْاِحْتِمَالُ (اٹھانا)۔

٢۔ باب دوم اِسْتِفْعَالٌ، جیسے: اِسْتِنْصَارٌ (مدد مانگنا)	صرف صغیر	اِسْتَنْصَرَ يَسْتَنْصِرُ اِسْتِنْصَارًا فَهُوَ مُسْتَنْصِرٌ، وَاُسْتُنْصِرَ يُسْتَنْصَرُ اِسْتِنْصَارًا فَهُوَ مُسْتَنْصَرٌ، اَلْأَمْرُ مِنْهُ اِسْتَنْصِرْ، وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَسْتَنْصِرْ.

مصادر: اَلْاِسْتِفْسَارُ (پوچھنا)، اَلْاِسْتِغْفَارُ (بخشش چاہنا)،

اَلْاِسْتِخْلَافُ (خلیفہ بنانا)، اَلْاِسْتِمْتَاعُ (فائدہ اٹھانا)۔

٣۔ باب سوم اِنْفِعَالٌ، جیسے: اِنْفِطَارٌ (پھٹ جانا)	صرف صغیر	اِنْفَطَرَ يَنْفَطِرُ اِنْفِطَارًا فَهُوَ مُنْفَطِرٌ، اَلْأَمْرُ مِنْهُ اِنْفَطِرْ، وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَنْفَطِرْ.

مصادر: اَلْاِنْشِعَابُ (شاخ در شاخ ہونا)، اَلْاِنْقِلَابُ (بدل جانا)، اَلْاِنْصِرَافُ (لوٹنا، پھرنا)۔

[illegible] اِفْعِلَالٌ، جیسے: اِحْمِرَارٌ (سرخ ہونا)	[illegible]	اِحْمَرَّ يَحْمَرُّ اِحْمِرَارًا فَهُوَ مُحْمَرٌّ، اَلْأَمْرُ مِنْهُ اِحْمَرِرْ، وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَحْمَرِرْ.

مصادر: اَلْاِخْضِرَارُ (سبز ہونا)، اَلْاِصْفِرَارُ (زرد ہونا)، اَلْاِبْيِضَاضُ (سفید ہونا)۔

[illegible] اِفْعِيْلَالٌ، جیسے: اِدْهِيْمَامٌ (سیاہ ہونا)	[illegible]	اِدْهَامَّ يَدْهَامُّ اِدْهِيْمَامًا فَهُوَ مُدْهَامٌّ، اَلْأَمْرُ مِنْهُ اِدْهَامِمْ، وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَدْهَامِمْ.

مصادر: اَلْاِسْمِيْرَارُ (گندم گوں ہونا)، اَلْاِكْمِيْتَاتُ (گھوڑے کا کمیت ہونا)، اَلْاِصْحِيْرَارُ (گھاس کا خشک ہونا)۔

[illegible] اِفْعِيْعَالٌ، جیسے: اِخْشِيْشَانٌ (بہت کھر کھرا ہونا)	[illegible]	اِخْشَوْشَنَ يَخْشَوْشِنُ اِخْشِيْشَانًا فَهُوَ مُخْشَوْشِنٌ، اَلْأَمْرُ مِنْهُ اِخْشَوْشِنْ، وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَخْشَوْشِنْ.

مصادر: اَلْاِخْلِيْلَاقُ (کپڑے کا پرانا ہونا)، اَلْاِمْلِيْلَاحُ (پانی کا کھاری ہونا)، اَلْاِخْرِيْرَاقُ (کپڑے کا پھٹ جانا)۔

[illegible] اِفْعِوَّالٌ، جیسے: اِجْلِوَّاذٌ (گھوڑے کا دوڑنا)	[illegible]	اِجْلَوَّذَ يَجْلَوِّذُ اِجْلِوَّاذًا فَهُوَ مُجْلَوِّذٌ، اَلْأَمْرُ مِنْهُ اِجْلَوِّذْ، وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَجْلَوِّذْ.

مصادر: اَلْاِخْرِوَّاطُ (لکڑی کا چھیلنا)، اَلْاِعْلِوَّاطُ (اُونٹ کی گردن میں قلادہ باندھنا)۔

۱۔ باب تفاعل اِفَّاعُلٌ، جیسے: اِثَّاقُلٌ (بھاری ہونا)	گردانِ صغیر	اِثَّاقَلَ يَثَّاقَلُ اِثَّاقُلًا فَهُوَ مُثَّاقِلٌ، اَلْأَمْرُ مِنْهُ اِثَّاقَلْ، وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَثَّاقَلْ.

مصادر: اَلْاِدَّارُكُ (پہنچنا)، اَلْاِشَّابُهُ (ہم شکل ہونا)، اَلْاِصَّالُحُ (آپس میں صلح کرنا)۔

۲۔ باب تفعّل اِفَّعُّلٌ، جیسے: اِطَّهُّرٌ (پاک ہونا)	گردانِ صغیر	اِطَّهَّرَ يَطَّهَّرُ اِطَّهُّرًا فَهُوَ مُطَّهِّرٌ، اَلْأَمْرُ مِنْهُ اِطَّهَّرْ، وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَطَّهَّرْ.

مصادر: اَلْاِزَّمُّلُ (کپڑا اوڑھنا)، اَلْاِضَّرُّعُ (عاجزی کرنا)، اَلْاِذَّكُّرُ (نصیحت قبول کرنا)۔

ثلاثی مزید فیہ بے ہمزۂ وصل کے پانچ باب آتے ہیں، اور وہ یہ ہیں:

۱۔ اِفعال (إِكْرَامٌ). ۲۔ تفعیل (تَصْرِيْفٌ). ۳۔ تفعّل (تَقَبُّلٌ).

۴۔ مفاعلۃ (مُقَاتَلَةٌ). ۵۔ تفاعل (تَقَابُلٌ).

۱۔ باب افعال إِفْعَالٌ، جیسے: إِكْرَامٌ (عزت کرنا)	گردانِ صغیر	أَكْرَمَ يُكْرِمُ إِكْرَامًا فَهُوَ مُكْرِمٌ، وَأُكْرِمَ يُكْرَمُ إِكْرَامًا فَهُوَ مُكْرَمٌ، اَلْأَمْرُ مِنْهُ أَكْرِمْ، وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تُكْرِمْ.

مصادر: اَلْإِسْلَامُ (مسلمان ہونا، تابع داری کے لیے گردن جھکانا)، اَلْإِذْهَابُ (لے جانا)، اَلْإِكْمَالُ (پورا کرنا)، اَلْإِعْلَانُ (ظاہر کرنا)۔

فائدہ: واضح ہو کہ باب افعال کے امر حاضر کا ہمزہ "وصلی" نہیں ہے بلکہ "قطعی" ہے کیوں کہ اس باب کا مضارع يُؤَكْرِمُ ہونا چاہیے، مگر چوں کہ متکلم کے صیغہ أُؤَكْرِمُ میں دو "ہمزہ" جمع ہونے کی وجہ سے ایک "ہمزہ" کو گرا کر أُكْرِمُ کرلیا گیا ہے، اس لیے ایک صیغہ کی موافقت کی وجہ سے تمام صیغوں سے "ہمزہ" کو گرادیا گیا، پس امر حاضر أَكْرِمْ کا ہمزہ "وصلی" نہ ہوا بلکہ وہ "قطعی" ہے کیوں کہ تُؤَكْرِمُ سے بنایا گیا ہے، خوب سمجھ لو۔

۲۔ باب دوم تَفْعِيْلٌ جیسے: تَصْرِيْفٌ (پھیرنا، پھرانا)	صرف صغیر	صَرَّفَ يُصَرِّفُ تَصْرِيْفًا فَهُوَ مُصَرِّفٌ، وَصُرِّفَ يُصَرَّفُ تَصْرِيْفًا فَهُوَ مُصَرَّفٌ، اَلْأَمْرُ مِنْهُ صَرِّفْ، وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تُصَرِّفْ.

مصادر: اَلتَّقْدِيْمُ (آگے ہونا، آگے کرنا)، اَلتَّعْجِيْلُ (جلدی کرنا)، اَلتَّمْكِيْنُ (جگہ دینا)، اَلتَّعْظِيْمُ (بڑائی کرنا)۔

۳۔ باب سوم تَفَعُّلٌ، جیسے: تَقَبُّلٌ (قبول کرنا)	صرف صغیر	تَقَبَّلَ يَتَقَبَّلُ تَقَبُّلًا فَهُوَ مُتَقَبِّلٌ، وَتُقُبِّلَ يُتَقَبَّلُ تَقَبُّلًا فَهُوَ مُتَقَبَّلٌ، اَلْأَمْرُ مِنْهُ تَقَبَّلْ، وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَتَقَبَّلْ.

مصادر: اَلتَّبَسُّمُ (مسکرانا)، اَلتَّفَكُّهُ (میوہ کھانا)، اَلتَّلَبُّثُ (دیر کرنا)، اَلتَّعَجُّلُ (جلدی کرنا)۔

۴۔ باب چہارم مُفَاعَلَةٌ، جیسے: مُقَاتَلَةٌ وَقِتَالٌ (آپس میں جنگ کرنا)	صرف صغیر	قَاتَلَ يُقَاتِلُ مُقَاتَلَةً وَقِتَالًا فَهُوَ مُقَاتِلٌ، وَقُوْتِلَ يُقَاتَلُ مُقَاتَلَةً وَقِتَالًا فَهُوَ مُقَاتَلٌ، اَلْأَمْرُ مِنْهُ قَاتِلْ، وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تُقَاتِلْ.

مصادر: اَلْمُخَادَعَةُ وَالْخِدَاعُ (دھوکا دینا)، اَلْمُعَاقَبَةُ وَالْعِقَابُ (عذاب دینا)، اَلْمُلَازَمَةُ وَاللِّزَامُ (آپس میں لازم پکڑنا)، اَلْمُبَارَكَةُ (برکت حاصل کرنا)۔

۵۔ باب پنجم تَفَاعُلٌ، جیسے: تَقَابُلٌ (آمنے سامنے ہونا)	صرف صغیر	تَقَابَلَ يَتَقَابَلُ تَقَابُلًا فَهُوَ مُتَقَابِلٌ، وَتُقُوْبِلَ يُتَقَابَلُ تَقَابُلًا فَهُوَ مُتَقَابَلٌ، اَلْأَمْرُ مِنْهُ تَقَابَلْ، وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَتَقَابَلْ.

مصادر: اَلتَّفَاخُرُ (آپس میں فخر کرنا)، اَلتَّعَارُفُ (ایک دوسرے کو پہچاننا)، اَلتَّخَافُتُ (آپس میں پوشیدہ بات چیت کرنا)۔

ثلاثی کے کل بیس باب تھے جن کا بیان تفصیل کے ساتھ اوپر ہو چکا۔

رباعی کے کل چار باب ہیں، ان میں سے رباعی مجرد کا صرف ایک باب ہے۔

[illegible] باب [illegible] فَعْلَلَةٌ، جیسے: بَعْثَرَةٌ (اُٹھانا)	صرف صغیر	بَعْثَرَ يُبَعْثِرُ بَعْثَرَةً فَهُوَ مُبَعْثِرٌ، وَبُعْثِرَ يُبَعْثَرُ بَعْثَرَةً فَهُوَ مُبَعْثَرٌ، اَلْأَمْرُ مِنْهُ بَعْثِرْ، وَالنَّهْيُ [عَنْهُ] لَا تُبَعْثِرْ.

مصادر: اَلْقَنْطَرَةُ (پل باندھنا)، اَلزَّعْفَرَةُ (زعفران سے رنگنا)،
اَلْعَسْكَرَةُ (لشکر تیار کرنا)، اَلدَّحْرَجَةُ (لڑھکانا)۔

رباعی مزید فیہ کی دو قسمیں ہیں:

۱۔ رباعی مزید فیہ باہمزۂ وصل ۲۔ رباعی مزید فیہ بے ہمزۂ وصل۔

رباعی مزید فیہ باہمزۂ وصل کے دو باب ہیں، اور یہ دونوں باب لازم ہیں:

[illegible] باب [illegible] اِفْعِنْلَالٌ، جیسے: اِبْرِنْشَاقٌ (خوش ہونا)	صرف صغیر	اِبْرَنْشَقَ يَبْرَنْشِقُ اِبْرِنْشَاقًا فَهُوَ مُبْرَنْشِقٌ، اَلْأَمْرُ مِنْهُ اِبْرَنْشِقْ، وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَبْرَنْشِقْ.

مصادر: اَلْاِحْرِنْجَامُ (جمع ہونا)، اَلْاِعْرِنْكَاسُ (بال سیاہ ہونا)،
اَلْاِسْلِنْطَاءُ (گدی پر سونا)۔

[illegible] باب [illegible] اِفْعِلَّالٌ، جیسے: اِقْشِعْرَارٌ (کانپنا، بال کھڑے ہونا)	صرف صغیر	اِقْشَعَرَّ يَقْشَعِرُّ اِقْشِعْرَارًا فَهُوَ مُقْشَعِرٌّ، اَلْأَمْرُ مِنْهُ اِقْشَعِرَّ اِقْشَعِرِّ اِقْشَعْرِرْ، وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَقْشَعِرَّ لَا تَقْشَعِرِّ لَا تَقْشَعْرِرْ.

مصادر: اَلْاِقْمِطْرَارُ (سکڑنا)، اَلْاِشْفِتْرَارُ (پراگندہ ہونا)، اَلْاِزْمِهْرَارُ (آنکھ سرخ ہونا)۔

رباعی مزید فیہ بے ہمزۂ وصل کا صرف ایک باب آتا ہے، اور یہ بھی لازم ہے۔

۱- باب اول تَفَعْلُلٌ، جیسے: تَسَرْبُلٌ (کپڑا اوڑھنا)	صرف صغیر	تَسَرْبَلَ يَتَسَرْبَلُ تَسَرْبُلًا فَهُوَ مُتَسَرْبِلٌ، اَلْأَمْرُ مِنْهُ تَسَرْبَلْ، وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَتَسَرْبَلْ.

مصادر: اَلتَّبَخْتُرُ (ناز سے چلنا)، اَلتَّمَقْهُرُ (مقہور ہونا)، اَلتَّبَرْقُعُ (برقعہ پہننا)۔

* * *

ملحق بہ رباعی

واضح ہو کہ اہلِ صرف کی اصطلاح میں الحاق یہ ہے کہ کلمہ میں ایک حرف زیادہ کر کے دوسرے کلمہ کے ہم وزن کرلیں۔

پس ملحق بہ رباعی وہ ثلاثی مزید فیہ ہے جو رباعی کے ہم وزن ہو، مگر الحاق کی شرط یہ ہے کہ ''ملحق'' اور ''ملحق بہ'' کا مصدر باہم مطابق ہو، پس أَكْرَمَ يُكْرِمُ اگر چہ بظاہر دَحْرَجَ يُدَحْرِجُ کے وزن پر ہے، مگر چوں کہ مصدر دونوں کا مختلف ہے، اس لیے أَكْرَمَ کو ملحق بہ رباعی نہیں کہہ سکتے۔

ملحق بہ رُباعی کے اقسام

ملحق بہ رُباعی دو قسم پر ہے:

۱۔ ملحق بہ رُباعی مجرّد ۲۔ ملحق بہ رُباعی مزید فیہ۔

ملحق بہ رباعی مجرّد کے سات باب ہیں:

١. فَعْلَلَةٌ جیسے: جَلْبَبَةٌ (چادر اوڑھنا)۔

٢. فَعْنَلَةٌ جیسے: قَلْنَسَةٌ (ٹوپی اوڑھنا)۔

٣. فَوْعَلَةٌ جیسے: جَوْرَبَةٌ (جراب پہننا)۔

٤. فَعْوَلَةٌ جیسے: سَرْوَلَةٌ (ازار پہننا)۔

٥. فَيْعَلَةٌ جیسے: خَيْعَلَةٌ (بے آستین کرتا پہننا)۔

٦. فَعْيَلَةٌ جیسے: شَرْيَفَةٌ (کھیتی کے بڑھے ہوئے پتوں کو کاٹنا)۔

٧. فَعْلَاةٌ جیسے: قَلْسَاةٌ (ٹوپی پہننا)۔

ملحق بہ رباعی مزید بھی دو قسم پر ہیں۔

۱۔ ملحق بہ تَدَحْرَجَ ۲۔ ملحق بہ اِحْرَنْجَمَ

ملحق بہ تَدَحْرَجَ کے سات باب ہیں:

١. تَفَعْلُلٌ جیسے: تَجَلْبُبٌ (چادر اوڑھنا)۔

٢. تَفَعْنُلٌ جیسے: تَقَلْنُسٌ (ٹوپی اوڑھنا)۔

٣. تَفَوْعُلٌ جیسے: تَجَوْرُبٌ (جراب پہننا)۔

٤. تَفَعْوُلٌ جیسے: تَسَرْوُلٌ (ازار پہننا)۔

٥. تَفَيْعُلٌ جیسے: تَخَيْعُلٌ (بے آستین کرتا پہننا)۔

٦. تَفَعْيُلٌ جیسے: تَشَرْيُفٌ (کھیتی کے بڑھے ہوئے پتوں کا کاٹنا)۔

٧. تَفَعْلٍ جیسے: تَقَلْسٍ کہ اصل میں تَقَلْسُيٌ تھا (ٹوپی پہننا)۔

ملحق بہ اِحْرَنْجَمَ کے دو باب ہیں:

١. اِفْعِنْلَالٌ جیسے: اِقْعِنْسَاسٌ (بہت کبڑا ہونا)۔

٢. اِفْعِنْلَاءٌ جیسے: اِسْلِنْقَاءٌ (چت سونا)۔

تمت بالخير

* * *

مطبوعات البشریٰ

اردو فارسی مطبوعات درس نظامی

خصائل نبوی شرح شمائل ترمذی	پند نامہ ☆	صرف میر
معین الفلسفہ	بہشتی زیور (تین حصے)	تیسیر الابواب
معین الاصول	حیات المسلمین	آسان صرف (اول، دوم، سوم)
فوائد مکیہ ☆	آداب المعاشرت ☆	بہشتی گوہر
آسان منطق	تعلیم الدین ☆	تسہیل المبتدی
علم الصرف (اولین، آخرین)	لسان القرآن (اول، دوم، سوم)	فارسی زبان کا آسان قاعدہ
عربی صفوۃ المصادر	مفتاح لسان القرآن (اول، دوم، سوم)	کریما ☆
جمال القرآن ☆	خیر الاصول ☆	تیسیر المبتدی
نحو میر	آسان اصول فقہ	عربی کا معلم (اول تا چہارم)
میزان ومنشعب	تیسیر المنطق	کلید جدید (مفتاح عربی کا معلم) (اول تا چہارم)
آسان نحو (اول، دوم)	فصول اکبری	تعلیم العقائد ☆
تعلیم الاسلام ☆	تاریخ اسلام	سیر صحابیات
عربی زبان کا آسان قاعدہ	علم النحو	الانتخابات المفیدۃ
نام حق	جوامع الکلم ☆	

دیگر اردو مطبوعات

نماز

آسان نماز ☆	مسنون نماز کی چالیس حدیثیں ☆	اپنی نمازیں درست کیجیے
نماز مدلل ☆	نماز حنفی	رسول اکرم ﷺ کا طریقہ نماز
نمازیں سنت کے مطابق پڑھیے ☆	آئینہ نماز ☆	

علم حدیث

امام ابن ماجہ اور علم حدیث	امام اعظم اور علم حدیث
حدیث رسول ﷺ کا قرآنی معیار	راہ سنت

حدیث

ترجمان السنۃ	منتخب احادیث
معراج کی باتیں	جواہر الحدیث

تجوید

تسہیل القواعد	قواعد مخارج تجوید

سیرت رسول اللہ ﷺ

نبی خاتم ﷺ	نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیب ﷺ	سیرۃ الرسول ﷺ
جامع الاخلاق	خطبات مدراس	رسول اللہ ﷺ کے مکتوبات شریفہ
سیرت سید الکونین خاتم النبیین ﷺ		

حج وعمرہ

فضائل حج	حج کا طریقہ قدم بہ قدم	مسائل ومعلومات حج وعمرہ
کتاب الحج ☆	معلم الحجاج	

عقائد

تعلیم العقائد ☆	عالم برزخ	اکابر علماء دیوبند اور ان کے عقائد
اسلام اور عقلیات	تعلیمات اسلام	

فضائل

فضائل اعمال (اردو)(پشتو)	فضائل قرآن	فضائل امت محمدیہ ﷺ ☆
فضائل صدقات	فضائل ذکر	فضائل نماز
فضائل علم	فضائل درود شریف	فضائل رمضان
فضائل استغفار ☆	فضائل تجارت ☆	فضائل تہجد
فضائل جماعت	جزاء الاعمال ☆	فضائل زبان عربی
فضائل توبہ واستغفار	فضائل مسواک	بارہ مہینوں کے فضائل واحکام

صحابہ کرام ؓ

حیاۃ الصحابہ ؓ	کرامات صحابہ ؓ
خلفائے راشدین ؓ	سوانح ابی ذر غفاری ؓ

صحابیات ؓ

سیر صحابیات	رسول اللہ ﷺ کی صاحبزادیاں	سیرت عائشہ ؓ
نیک بیبیاں	امت مسلمہ کی مائیں ؓ	

فقہ

بہشتی زیور مدلل (مکمل)	دلیل الخیرات فی ترک المنکرات	وصیت اور میراث کے احکام ☆

معاشرت

حقوق الوالدین ☆	اکرام المسلمین مع حقوق العباد کی فکر کیجیے	اصلاح خواتین
صفائی معاملات	تحفۃ النکاح	شرعی پردہ
اصلاح النساء	حقوق العلم ☆	اکرام مسلم
پردہ کے شرعی احکام	آداب معیشت ☆	کسب حلال وادائے حقوق

مسنون علاج

الحجامہ (جدید ایڈیشن مع اضافہ مفیدہ)	مختصر الحجامہ	

دعوت وتبلیغ

اصول دعوت اسلام	مکاتیب مولانا الیاس ؒ	انسانیت کا امتیاز
تبلیغی تقریریں	قرآن آپ سے کیا کہتا ہے؟	فضائل تبلیغ

اصلاحی کتب

آداب المعاشرت ☆	جو تم مسکراؤ تو سب مسکرائیں	شوق وطن
تعلیم الدین ☆	ترقی	انفاس عیسیٰ
تبلیغ دین امام غزالی ؒ	الطب فی الاسلام	اجتہاد اور تقلید
رسول اللہ ﷺ کی نصیحتیں ☆	اغلاط العوام	افادات محمود
حیلے اور بہانے	آداب المتعلمین	دنیا وآخرت
روضۃ الادب	حیات المسلمین ☆	اصلاح الرسوم
حکیم بہشتی ☆	مرحبا طالب العلم	فروع الایمان
زندگی سے بیزاری کیوں؟ ☆	مجموعہ وصایا امام اعظم ؒ	تحفۃ المسلمین (مکمل)
موت کی یاد ☆	علامات قیامت ☆	تحفہ خواتین
سال بھر کے مسنون اعمال ☆	خطبات الاحکام ☆	حقوق الاسلام
اخبار الجزاء	اسلامی سیاست مع تکملہ	حقوق الوالدین (تھانوی ؒ)
کامیابی	ایک مسلمان کس طرح زندگی گزارے؟ ☆	حقانیت اسلام
تقلید واجتہاد	مرنے کے بعد کیا ہوگا؟	اعجاز القرآن ☆
اصلاح انقلاب امت	ڈاڑھی کا وجوب مع ڈاڑھی کی قدر وقیمت مع ڈاڑھیاں بڑھانے کا حکم	

جس کتاب کے ساتھ ☆ کی علامت ہے اس کا جیبی سائز بھی دستیاب ہے۔

www.maktaba-tul-bushra.com.pk

من منشورات البشرى

التفسير والتجويد

التفسير للبيضاوي
تفسير الجلالين
الفوائد مكية
تسهيل البيان في رسم خط القرآن
الفوز الكبير
جمال القرآن (عربي)

الحديث وأصوله

صحيح البخاري (٤ مجلدات)
صحيح مسلم (٣ مجلدات)
جامع الترمذي (٣ مجلدات)
سنن أبي داود (مجلدين)
سنن النسائي (مجلدين)
سنن ابن ماجه (مجلدين)
الموطأ للإمام مالك
الموطأ للإمام محمد
شرح معاني الآثار
مشكاة المصابيح (مجلدين)
زجاجة المصابيح (٥ مجلدات)
رياض الصالحين
شرح رياض الصالحين
آثار السنن مع التعليق الحسن
مسند الإمام الأعظم
زاد الطالبين
الأدب المفرد
الأحاديث المنتخبة
تيسير مصطلح الحديث
نزهة النظر في توضيح نخبة الفكر
أصول التخريج ودراسات الأسانيد

العقائد

شرح العقائد مع النبراس
شرح العقائد مع نظم الفرائد
شرح العقائد مع عقد الفرائد
شرح العقيدة الطحاوية

الفقه

الهداية مع حاشية اللكنوي (٤ مجلدات)
شرح الوقاية
كنز الدقائق
مختصر القدوري مع التوضيح الضروري
مختصر القدوري مع المعتصر الضروري
مختصر القدوري مع الجوهرة النيرة
مختصر القدوري مع اللباب
المختصر في الفقه الحنفي
التسهيل الضروري
منية المصلي
نور الإيضاح

أصول الفقه

أصول الشاشي مع أحسن الحواشي
أصول الشاشي مع فصول الحواشي
نور الأنوار مع قمر الأقمار (مجلدين)
الحسامي مع النامي
الحسامي مع النظامي
التوضيح والتلويح مع التوشيح
المجموعة في القواعد الفقهية
شرح عقود رسم المفتي
تسهيل الوصول إلى علم الأصول

الميراث

السراجي مع دليل الورّاث
السراجي مع حاشية سيد أصغر حسين
السراجي مع شرح الشريفية
المواريث

النحو

نحومير
شرح مائة عامل
هداية النحو
كافية
شرح ملا جامي
النحو الواضح (مجلدين)
المنهاج في القواعد والإعراب
لسان القرآن (٣ مجلدات)

الصرف

تعليم الصيغة
تعريب علم الصيغة
تكملة ميزان الصرف
مراح الأرواح
خاصيات الأبواب
فصول أكبري

المنطق والفلسفة

سلم العلوم مع ضياء النجوم
القطبي
شرح التهذيب مع تحفة شاهجهاني
شرح التهذيب مع تذهيب التهذيب
المرقاة مع المرآة
إيساغوجي مع مغني الطلاب
تيسير المنطق (عربي)
مبادئ الفلسفة
هداية الحكمة
الهدية السعيدية

الأدب والبلاغة

ديوان الحماسة
ديوان المتنبي
المعلقات السبع
المقامات الحريرية
نفحة العرب
مختصر المعاني
دروس البلاغة
تلخيص المفتاح
البلاغة الواضحة
متن الكافي

كتب تحت الطباعة

الهداية مع حاشية السنبلي

مرحبا
طالب العلم

نور الإيضاح
الإيضاح

المنهاج
في
القواعد والإعراب
تأليف: محمد الأنطاكي

شرح مائة عامل

لسان القرآن

مراح الأرواح
مع

عربی
صفوۃ المصادر

إرشاد الطلاب
إلى
خاصيات الأبواب

التعبير
الإنشائي
بالصور
١-٤
مع التدريبات

021-35121955-7, 0321-2196170, 0334-2212230, 0346-2190910
www.albushra.org.pk info@albushra.org.pk